# فائنل مؤطا امام مالک

مدرس:: سینئر مدرس، استاذ العلماء مولانا نعیم

بابر مدنی دامت برکاتہم العالیہ

🌹 🖋️ محمد صائم عطاری 🖋️ 🌹

درجہ سابعہ

مرکزی جامعۃ المدینہ گجرات

# عرض کاتب!!!

اس فائل میں آپ کو کنز المدارس بورڈ کے نصاب میں شامل موطا امام مالک کا مکمل نصاب سوالا جوابا مل جائے گا۔۔۔۔

اگر آپ مندرجہ ذیل کتب کے ہمارے لکھے نوٹس چاہتے ہیں تو نیچے دیئے گئے نمبر پہ رابطہ کریں۔۔۔۔

(1)شرح وقایہ ((کتاب الجہاد))(2)حامی ((باب القیاس))(3)تیسیر مصطلح الحدیث(4)القصائد المنتخبہ(5)فقہ السیرہ(6)منہاج العابدین مکمل(7)تفسیر بیضاوی ((ششماہی اول وثانی))(8)ہدایہ جلد اول ودوم(9)النور المبین مکمل(10) فتح المنان(11) مناظرہ رشیدیہ(12)اجابۃ الغوث(13)اصول الدعوہ والارشاد(14)الفقہ الاکبر مکمل (15)العربیہ للطالبین المستوی الرابع(16)شرح نخبۃ الفکر(17)ہدایہ جلد سوم وچہارم(18) میزان الادیان(19)شرح عقائد نسفیہ ششماہی اول(20)شرح عقائد نسفیہ ششماہی دوم(21) شرح معانی الآثار(22)اصول وراثت(23)السراجی(24) تحقیق وتدوین کا طریقہ کار(25)موطا امام محمد(26)توضیح وتلویح

03238599095

🌹🖋️ محمد صائم عطاری 🖋️🌹

درجہ سابعہ

مرکزی جامعۃ المدینہ گجرات

## ((کتاب العیدین))

### ((العمل فی غسل العیدین والنداء فیھما والاقامۃ))

سوال::: کیا عیدین میں اذان واقامت ہوتی ہے؟؟؟

جواب::: عیدین میں اذان واقامت نہیں ہوتی،، امام مالک فرماتے ہیں یہی ((یعنی عیدین میں اذان و اقامت نہ کہنا)) سنت ہے اور اس میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں۔۔۔

سوال::: عید گاہ جانے سے پہلے غسل کرنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: عید گاہ جانے سے پہلے غسل کرنا سنت ہے،، حضرت نافع سے روایت ہے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما عید الفطر کے دن عید گاہ کی طرف نکلنے سے پہلے غسل کیا کرتے تھے۔۔۔

سوال::: عیدین میں خطبے اور نماز کی کیا ترتیب ہو گی؟؟؟

جواب::: پہلے نماز پڑھی جائے گی اس کے بعد خطبہ دیا جائے گا چنانچہ ابن شہاب رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عید الفطر اور عید الاضحی کے دن خطبے سے پہلے نماز ادا فرماتے تھے۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کن دو ایام کے روزے رکھنے سے منع فرمایا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عید الفطر اور عید الاضحی کے دن روزہ رکھنے سے منع فرمایا۔۔۔۔

سوال::: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے عید کا خطبہ دیتے ہوئے یہ کیوں فرمایا کہ تمہارے لیے آج کے دن دو عیدیں جمع ہو گئیں؟؟؟

جواب::: وہ جمعۃ المبارک کا دن تھا اور اس دن عید بھی تھی لہذا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تمہارے لیے آج کے دن دو عیدیں جمع ہو گئیں۔۔۔

سوال::: عید الفطر اور عید الاضحی کے دن عید گاہ کی طرف جانے سے پہلے کوئی چیز کھانے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: عیدالفطر کے دن عیدگاہ کی طرف جانے سے پہلے کچھ کھانا سنت مستحبہ ہے جیسا کہ ھشام بن عروہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ عیدالفطر کے دن عیدگاہ کی طرف جانے سے پہلے کچھ کھاتے تھے۔۔۔

عیدالاضحی کے موقع پہ نماز عید سے پہلے کھانا سنت نہیں ہے۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عیدین کی نماز میں کون سی سورت تلاوت فرمایا کرتے تھے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازِ عیدین((کی پہلی رکعت))میں سورۃ""ق""اور((دوسری رکعت میں))سورۃ القمر کی تلاوت کیا کرتے تھے۔۔۔

سوال::: نماز عیدین میں کتنی تکبیریں ہوتی ہیں؟؟؟

جواب::: حضرت نافع کہتے ہیں کہ میں نے عیدالفطر اور عیدالاضحی کی نماز حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے پڑھی انہوں نے پہلی رکعت میں قرأت سے پہلے سات تکبیریں کہیں اور دوسری رکعت میں قرأت سے پہلے پانچ تکبیریں کہیں۔۔۔

یہ مؤقف امام مالک کے نزدیک ہے جبکہ احناف کے نزدیک پہلی رکعت میں قرأت سے پہلے تین تکبیریں ہوں گی اور دوسری رکعت میں قرأت کے بعد تین تکبیریں ہوں گی۔۔۔

سوال::: عید کے دن عید کی نماز سے پہلے اور بعد میں نفل کے ممنوع ہونے پہ حدیث پیش کریں اور اس کا ناسخ بیان کریں۔۔۔

جواب::: پہلے پہل عید کے دن سورج طلوع ہونے کے بعد، عید کی نماز سے پہلے اور عید کی نماز کے بعد وقتِ ظہر تک نوافل نہیں پڑھے جاتے تھے جیسا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں روایت ہے وہ عیدالفطر کے دن عید کی نماز سے پہلے اور بعد میں نوافل نہیں پڑھتے تھے۔۔۔

لیکن پھر یہ حکم منسوخ ہوگیا اس پہ کئی روایات دلالت کرتی ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ ھشام بن عروہ اپنے والد کا معمول بیان کرتے ہیں وہ عیدالفطر کے دن عید کی نماز سے پہلے نفل ادا کرتے تھے۔۔۔

سوال::: عید کی نماز کے لیے امام کس وقت اپنے گھر سے نکلے؟؟؟

جواب::: عید کی نماز کے لیے امام اس وقت گھر سے نکلے کہ عید گاہ تک پہنچتے پہنچتے نماز کا وقت ہو جائے۔۔۔۔

سوال::: کیا کوئی شخص عید کی نماز پڑھنے کے بعد خطبہ سننے سے پہلے واپس لوٹ سکتا ہے؟؟؟

جواب::: امام مالک سے ایسے شخص کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا"" امام کے لوٹنے تک وہ نہ لوٹے""((یعنی خطبہ سنے بغیر واپس جانے کی اجازت نہیں))۔۔۔۔

((العمل فی صلاۃ کسوف الشمس))

سوال::: موطا امام مالک کی روشنی میں نماز کسوف کا طریقہ تحریر کریں۔۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ مبارک میں سورج گرہن لگا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو نماز پڑھائی لمبا قیام کیا پھر لمبا رکوع کیا پھر لمبا قیام کیا اور وہ پہلے قیام سے چھوٹا تھا پھر رکوع کیا اور وہ پہلے رکوع سے چھوٹا تھا پھر آپ نے سر مبارک اٹھایا اور سجدہ کیا،، پھر اسی طرح دوسری رکعت میں کیا اور سلام پھیر لیا۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورج اور چاند گرہن کی کیا وجہ ارشاد فرمائی؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سورج اور چاند اللہ پاک کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں کسی کی زندگی یا موت کی وجہ سے ان کو گرہن نہیں لگتا جب تم ان کو گرہن لگتے دیکھو تو اللہ سے دعا کرو تکبیر کہو اور صدقہ دو۔۔۔۔

سوال::: جہنم میں عورتوں کی کثرت کیوں ہو گی؟؟؟

جواب::: کیونکہ عورتیں اپنے خاوند کی ناشکری کرتی ہیں جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا"" اگر تم کسی عورت سے زمانہ بھر نیکی کرتے رہو پھر وہ تم میں ایک برائی دیکھے تو کہے گی میں نے تم میں کبھی بھلائی نہیں دیکھی""۔۔۔۔۔

سوال::: عذاب قبر پہ دلیل پیش کریں۔۔۔

جواب::: ایک یہودیہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی کیا آپ عذاب قبر سے پناہ مانگتی ہیں؟؟؟ تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ سے پوچھا کیا

لوگوں کو قبر میں عذاب دیا جائے گا؟؟؟ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""میں اس سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں""،، پھر ایک دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورج گرہن کی نماز کے بعد لوگوں کو عذاب قبر سے پناہ مانگنے کا حکم دیا۔۔۔

((العمل فی الاستسقاء))

سوال::: نماز استسقاء میں چادر پلٹنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نماز استسقاء کے لیے تشریف لائے تو قبلہ کی طرف منہ کرکے چادر مبارک کو الٹایا۔۔

سوال::: نماز استسقاء کی کتنی رکعتیں ہیں؟؟؟

جواب::: دو رکعتیں ہیں۔۔۔

سوال::: نماز استسقاء کا طریقہ بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: امام دو رکعتیں پڑھائے دونوں میں جہر اقرات کرے پھر کھڑے ہو کر خطبہ دے اور دعا کرے،، جب قبلے کی طرف منہ کرے تو چادر کو اس طرح الٹے کہ جو حصہ دائیں طرف تھا وہ بائیں طرف آجائے اور جو حصہ بائیں طرف تھا وہ دائیں جانب آجائے اور مقتدی بھی اسی طرح کریں۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بارش طلب کرنے کے لیے کیسے دعا فرماتے تھے؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے""اللھم اسق عبادک وبھیمتک وانشر رحمتک واحی بلدک المیت""

اے اللہ!!! اپنے بندوں اور جانوروں کو پانی پلا اور اپنی رحمت پھیلا دے اور اپنے مردہ شہر((یعنی زمین)) کو زندہ فرما۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا کی برکت سے کتنے دن بارش ہوتی رہی؟؟؟

جواب::: جب ایک شخص نے بارش نہ ہونے کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی جس کی وجہ سے ایک جمعے سے اگلے جمعے تک بارش ہوتی رہی پھر اس نے دوبارہ عرض کی

کہ اب گھر گر رہے ہیں مویشی ہلاک ہو رہے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا کی برکت سے بارش مدینہ شریف کے اطراف میں پہاڑوں اور وادیوں پہ ہونے لگی۔۔۔۔

سوال::: جو شخص نماز استسقاء کو نہ پا سکے اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: ایسے شخص کے بارے میں امام مالک نے فرمایا جس کی نماز استسقاء فوت ہو جائے اور خطبے میں پہنچ جائے تو اسے اختیار ہے چاہے مسجد میں دو رکعات ادا کرلے یا گھر آکر پڑھ لے یا بلکل ہی نہ پڑھے۔۔۔۔

((الاستمطار بالنجوم))

سوال::: حدیبیہ کے مقام پہ فجر کی نماز کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حدیث قدسی بیان فرمائی چنانچہ اللہ پاک کا فرمان ہے""میرے بندوں نے اس حال میں صبح کی ان میں سے کچھ مومن تھے کچھ کافر،، جس نے کہا کہ ہم پہ اللہ کے فضل ورحمت کی وجہ سے بارش ہوئی ان کا میرے اوپر ایمان رہا اور وہ ستاروں کے منکر رہے،، جس نے کہا کہ ہم پہ ستاروں کی وجہ سے بارش ہوئی تو وہ میرے منکر ہو گئے اور ستاروں پہ ایمان لے آئے""۔۔۔۔

سوال::: ""عین غدیقۃ"" سے کیا مراد ہے؟؟؟

جواب::: اس کا مطلب ہے""بھرپور چشمہ""،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""جب سمندر سے بادل اٹھ کر شام جانے لگے تو وہ عین غدیقۃ یعنی بھرپور چشمہ ہے""۔۔۔

((النھی عن استقبال القبلۃ والانسان یرید حاجتہ))

سوال::: حاجت کے وقت قبلہ کی طرف منہ کرنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""جب تم میں سے کوئی پیشاب یا پاخانہ کرنے جائے تو نہ وہ قبلہ کی طرف منہ کرے اور نہ پیٹھ""۔۔۔۔

سوال::: کرابیس کا کیا مطلب ہے؟؟؟

جواب::: اس کا مطلب ہے پاخانے کے مقامات یعنی واش روم۔۔۔

((النھی عن البصاق فی القبلہ))

سوال::: قبلے کی طرف منہ کرکے تھوکنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: یہ گناہ ہے چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے تو اپنے منہ کی طرف نہ تھوکے کیونکہ جب وہ نماز پڑھ رہا ہوتا ہے اللہ پاک اس کے سامنے ہوتا ہے""۔۔۔

سوال::: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبلہ کی دیوار پہ تھوک دیکھ کر کیا رد عمل فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تھوک دیکھ کر اسے کھرچ دیا۔۔۔

((ماجاء فی القبلہ))

سوال::: فجر کے وقت مسجد قباء میں آنے والے نے کیا خبر دی؟؟؟

جواب::: آنے والے نے خبر دی کہ رات کو اللہ کے رسول پہ قرآن نازل ہوا اور کعبے کی طرف منہ کرنے کا حکم دیا گیا تو لوگوں نے کعبے کی طرف منہ کر لیا ان کے چہرے شام کی طرف تھے۔۔۔۔

سوال::: مسلمانوں نے ہجرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کتنا عرصہ بیت المقدس کی طرف منہ کرکے نماز ادا کی؟؟؟

جواب::: سولہ ماہ تک بیت المقدس کی طرف منہ کرکے نماز پڑھی گئی اور پھر غزوہ بدر سے دو ماہ قبل قبلہ کی تبدیلی ہوئی۔۔۔

سوال::: ""ما بین المشرق والمغرب قبلۃ""، یہ جملہ کن کے لیے ہے؟؟؟

جواب::: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد اہل مدینہ والوں کے لیے ہے۔۔۔۔

((ماجاء فی مسجد النبی))

سوال::: مسجد نبوی میں ایک نماز ادا کرنا بقیہ مساجد میں کتنی نمازیں ادا کرنے سے افضل ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""میری مسجد میں ایک نماز ادا کرنا مسجد حرام کے علاوہ بقیہ مساجد میں ہزار نمازیں ادا کرنے سے بہتر ہے""۔۔۔۔

سوال::: پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس جگہ کو جنت کا ٹکڑا قرار دیا نیز قیامت کے دن منبر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہاں ہوگا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""میرے گھر اور منبر کے درمیان کا ٹکڑا جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے اور قیامت کے دن میرا منبر میرے حوض پہ ہوگا""۔۔۔۔۔

((ماجاء فی خروج النساء الی المساجد))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورتوں کے مسجد جانے کے حوالے سے کیا فرمایا؟؟؟نیز حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی اس حوالے سے کیا رائے تھی؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""اللہ کی بندیوں کو اس کی مساجد میں جانے سے نہ روکو""۔۔۔۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے وصال اقدس کے کافی عرصہ بعد فرمایا کہ اگر رسول اللہ((اس زمانے میں))وہ دیکھ لیتے جو کام عورتوں نے شروع کر دیئے ہیں تو ضرور انہیں مسجد جانے سے روک دیتے جیسا کہ بنی اسرائیل کی عورتوں کو روک دیا گیا تھا۔۔۔۔

سوال::: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مسجد جانے کی اجازت کون مانگتا تھا؟؟؟

جواب::: ان کی زوجہ حضرت عاتکہ بنت زید رضی اللہ عنہا

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عشاء کے وقت عورتوں کے لیے مسجد میں آنے کے حوالے سے کیا احتیاط ارشاد فرمائی؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""جب تم نماز عشاء کے لیے آؤ تو خوشبو لگا کر نہ آؤ""۔۔۔۔۔

((الامر بالوضوء لمن مس القرآن))

سوال::: بے وضو قرآن چھونے کا کیا حکم ہے۔؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عمرو بن حزم کی طرف خط بھیجا جس میں لکھا تھا کہ قرآن کو صرف پاک لوگ چھوئیں۔۔۔۔

سوال::: قرآن کریم کو غلاف میں چھونے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: احناف کے نزدیک جائز ہے جبکہ امام مالک قرآن کریم کی تعظیم کرتے ہوئے اسے ناجائز سمجھتے ہیں،، دلیل یہ ہے کہ اگر ناپاکی کی حالت میں غلاف کو چھونا جائز ہے تو پھر ناپاکی کی حالت میں قرآن کی جلد کو بھی چھونا جائز ہونا چاہیے۔۔۔۔

سوال::: امام مالک نے آیت ""لَّا یَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ"" کی احسن تفسیر کن آیات کے ذریعے بیان فرمائی؟؟؟

جواب::: آپ رحمۃ اللہ علیہ نے مندرجہ ذیل آیات کے ذریعے اس آیت کی احسن تفسیر فرمائی:::

ترجمہ کنزالعرفان::: ایسے نہیں، بیشک یہ باتیں نصیحت ہیں۔ توجو چاہے اسے یاد کرے۔ ان عزت والے صحیفوں میں۔ جو بلندی والے پاکی والے ہیں۔ ان لکھنے والوں کے ہاتھوں سے (لکھے ہوئے)۔ جو معزز نیکی والے ہیں۔۔۔۔

((الرخصۃ فی قراءۃ القرآن علی غیر وضوء))

سوال::: بغیر وضو قرآن کی تلاوت کا حکم مع دلیل بیان کریں۔۔۔

جواب::: جائز ہے۔۔۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے قضائے حاجت سے تشریف لا کر قرآن پاک پڑھنا شروع کیا تو ایک شخص نے کہا اے امیر المؤمنین آپ بے وضو قرآن پڑھ رہے ہیں تو آپ نے فرمایا"" تجھے کس نے یہ فتویٰ دیا؟؟؟ کیا مسیلمہ نے ایسا کہا؟؟؟""۔۔۔۔

((چونکہ وہ شخص مسیلمہ کذاب کی قوم کا تھا اس لیے حضرت عمر نے یوں فرمایا))۔۔۔۔

((ماجاء فی تحزیب القرآن))

سوال::: اگر کوئی شخص روزانہ مقررہ مقدار کے مطابق تلاوت کرتا ہو اگر وہ نہ پڑھ پائے تو اگلے دن کس وقت تک پڑھ سکتا ہے؟؟؟

جواب::: اگلے دن وہ ظہر تک پڑھ سکتا ہے اگر وہ پڑھ لے تو گویا کہ اس نے اپنی تلاوت کر لی۔۔۔۔

سوال::: حضرت زید ثابت رضی اللہ عنہ نے کتنے عرصے میں قرآن پڑھنا حسن قرار دیا؟؟؟ نیز کتنے دنوں میں قرآن مکمل کرنا ان کے نزدیک بہتر ہے؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نے سات دنوں میں قرآن پڑھنا حسن قرار دیا اور پندرہ یا بیس دنوں میں قرآن مکمل کرنے کو بہتر قرار دیا تاکہ اس میں غور و فکر کیا جائے۔۔۔

((ماجاء فی القرآن))

سوال::: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت ھشام بن حکیم رضی اللہ عنہ کو کون سی سورت پڑھتے سنا؟؟؟ نیز قرآن کتنی قراءتوں پہ نازل ہوا؟؟؟

جواب::: حضرت عمر نے ھشام بن حکیم کو سورۃ فرقان پڑھتے ہوئے سنا۔۔۔

قرآن کریم سات قراءتوں پہ نازل ہوا۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حافظ قرآن کو کس چیز سے تشبیہ دی؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""حافظ کی مثال بندھی ہوئی اونٹنی کے مالک کی طرح ہے اگر اسے باندھے رکھے گا تو وہ رکی رہے گی اگر چھوڑ دیا تو وہ چلی جائے گی""۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ کس کس طرح وحی کا نزول ہوتا تھا؟؟؟

جواب::: کبھی کبھی گھنٹی کی آواز میں وحی آتی تھی اور کبھی فرشتہ آدمی کی شکل میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے باتیں کرتا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے یاد فرما لیتے۔۔۔

سوال::: سردیوں میں وحی کے نزول کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حالت کیسی ہوتی تھی؟؟؟

جواب::: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ سخت سردیوں میں وحی کے نزول کے وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیشانی مبارک سے پسینے کے قطرے ٹپکتے تھے۔۔۔۔

سوال::: سورۃ عبس کا شان نزول بیان کریں۔۔۔

جواب::: یہ سورۃ حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کی اے محمد مجھے اپنے نزدیک جگہ دیں،، اس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس مشرکین کا ایک سردار بیٹھا ہوا تھا((جسے آپ اسلام کی دعوت دے رہے تھے)) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عبداللہ سے اعراض کیا اور اس سردار کی جانب متوجہ رہے اور فرماتے ""اے فلاں کے باپ!!! کیا تمہیں میری بات میں کوئی حرج نظر آتا ہے؟؟؟"" وہ کہتا بتوں کی قسم آپ کی بات میں کوئی حرج نہیں،، پس یہ سورۃ نازل کر دی گئی۔۔۔۔

سوال::: سورۃ فتح کا شان نزول بیان کریں۔۔۔

جواب::: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کے وقت سفر فرما رہے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی آپ کے ساتھ تھے،، انہوں نے آپ سے کوئی بات پوچھی لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوئی جواب نہ دیا تین مرتبہ یوں ہوا،، پھر حضرت عمر نے خود کو کہا ""اے عمر!!! تیری ماں تجھے روئے تو نے رسول اللہ سے تین مرتبہ سوال کیا لیکن انہوں نے جواب نہ دیا فرماتے ہیں کہ میں سواری کو حرکت دے کر لوگوں سے آگے نکل گیا اور مجھے ڈر تھا کہیں میرے بارے میں کلام اللہ نازل نہ ہو جائے،، تھوڑی دیر بعد کسی نے مجھے پکارا پھر میں رسول اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور سلام کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا"" رات کو میرے اوپر ایک سورۃ نازل ہوئی ہے جو مجھے ان تمام چیزوں سے پیاری ہے جن پہ سورج روشن ہوتا ہے"" پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورۃ فتح کی تلاوت فرمائی۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ سے بعد میں آنے والی قوم کی کیا نشانیاں بیان فرمائیں؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا"" تم میں سے ایسی قوم نکلے گی کہ تم اپنی نمازوں کو ان کی نمازوں، اپنے روزوں کو ان کے روزوں اور اپنے اعمال کو ان کے اعمال کے مقابلے میں حقیر جانو گے وہ قرآن کی تلاوت کریں گے لیکن وہ ان کے حلقوں سے تجاوز نہ کرے گا وہ دین سے ایسے نکلیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے""۔۔۔۔

سوال::: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کتنے سال میں سورۃ بقرہ سیکھی؟؟؟

جواب::: آٹھ سال میں

((ماجاء فی سجود القرآن))

سوال::: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کون سی سورت پڑھ کر سجدہ کیا؟؟؟

جواب::: سورۃ الانشقاق

سوال::: سورۃ حج کو کتنے سجدوں کے ذریعے فضیلت دی گئی؟؟؟

جواب::: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سورۃ حج کی تلاوت فرمائی اور دو سجدے کیے پھر فرمایا بے شک اس سورت کو دو سجدوں کے ذریعے فضیلت دی گئی۔۔۔

سوال::: اگر امام منبر پہ آیت سجدہ تلاوت کرے تو کیا اس کے لیے منبر سے اتر سجدہ کرنا لازم ہے؟؟؟

جواب::: امام مالک فرماتے ہیں کہ امام کے لیے منبر سے اتر کر سجدہ کرنا لازم نہیں،، حضرت عمر کے بارے میں بھی اسی طرح روایت کیا گیا ہے کہ ایک دفعہ انہوں نے سجدہ کیا تھا پھر دوسری دفعہ لوگوں کو منع فرما دیا تھا اور فرمایا تھا کہ ایسا کرنا لازم نہیں۔۔۔

سوال::: امام مالک کے نزدیک قرآن مجید میں کتنے سجدے ہیں؟؟؟

جواب::: امام مالک فرماتے ہیں کہ قرآن کریم کے ضروری سجدے گیارہ ہیں اور مفصل سورتوں میں ایک بھی سجدہ نہیں ہے۔۔۔

سوال::: نماز فجر اور عصر کے بعد سجدہ تلاوت پڑھنے کا حکم بیان کریں۔۔۔

جواب::: امام مالک فرماتے ہیں کہ فجر اور عصر کی نماز کے بعد آیت سجدہ نہ پڑھی جائے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فجر کے بعد سورج طلوع ہونے تک اور عصر کے بعد سورج غروب ہونے تک نماز سے منع فرمایا ہے اور سجدہ بھی نماز کا حصہ ہے۔۔۔

سوال::: ناپاک مرد و عورت کا سجدہ تلاوت کرنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: امام مالک فرماتے ہیں کہ ناپاکی کی حالت میں مرد و عورت سجدہ نہ کریں۔۔۔

سوال::: اگر کوئی عورت آیت سجدہ پڑھے اور کوئی مرد سنے تو کیا اس پہ سجدہ لازم ہوگا؟؟؟

جواب::: امام مالک کے نزدیک مرد پہ سجدہ لازم نہیں ہو گا اور امام مالک کے نزدیک سجدہ لازم ہونے کے لیے شرط یہ ہے کہ آیت سجدہ سننے والا پڑھنے والے کا مقتدی ہو۔۔۔

((ماجاء فی قراءۃ ""قل ھو اللہ احد"" و ""تبارک الذی بیدہ الملک""))

سوال::: کون سی سورت تہائی قرآن کے برابر ہے؟؟؟

جواب::: سورۃ الاخلاص

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کون سی سورت سن کر پڑھنے والے کو جنت کی خوشخبری سنائی؟؟؟

جواب::: سورۃ الاخلاص

سوال::: کون سی سورت اپنے پڑھنے والے کی خاطر جھگڑا کرے گی؟؟؟

جواب::: سورۃ الملک

((ماجاء فی ذکر اللہ))

سوال::: ""لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ، لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شئ قدیر"" اس کلمے کی فضیلت بیان کریں۔۔۔

جواب::: جو شخص یہ کلمہ دن میں سو دفعہ پڑھے گا اس کو دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا، سو نیکیاں لکھ دی جائیں گی سو گناہ معاف کر دیے جائیں گے اور اس دن شام تک شیطان سے حفاظت کی جائے گی۔۔۔

سوال::: سبحان اللہ وبحمدہ کی فضیلت بیان کریں۔۔۔

جواب::: جس نے دن میں سو دفعہ یہ کلمہ پڑھا اس کے گناہوں کو مٹا دیا جائے گا اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔۔۔

سوال::: نماز کے بعد تسبیح، تکبیر اور تحمید کی کیا فضیلت ہے؟؟؟

جواب::: جس نے نماز کے بعد 33 دفعہ سبحان اللہ 33 دفعہ الحمد للہ اور 33 دفعہ اللہ اکبر پڑھا اور ""لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ،لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شئ قدیر "" پہ ختم کیا تو اس کے تمام گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اگرچہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔۔۔

سوال::: ""والباقیات الصالحات "" سے کیا مراد ہے؟؟؟

جواب::: اس سے مراد بندے کا "" اللہ اکبر ، سبحان اللہ ، الحمد للہ ،لا الہ الا اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ "" کہنا ہے۔۔۔

سوال::: جہاد اور سونا چاندی صدقہ کرنے سے افضل کون سا عمل ہے؟؟؟

جواب::: ذکر اللہ

سوال::: کون سا عمل اللہ کے عذاب سے سب سے زیادہ بچا سکتا ہے؟؟؟

جواب::: ذکر اللہ

سوال::: نماز میں تحمید کے ساتھ حمدا کثیرا طیبا مبارکا فیہ کہنے کی کیا فضیلت ہے؟؟؟

جواب::: یہ پڑھنے والے کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا"" تیس سے زائد فرشتے اس بات میں جلدی کر رہے تھے کہ سب سے پہلے کون اس کا ثواب لکھے""۔۔۔۔

((ماجاء فی الدعاء))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کون سی دعا آخرت کے لیے محفوظ فرمائی؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہر نبی کے لیے ایک دعا مقرر ہوتی ہے جو ضرور قبول ہوتی ہے،، میں چاہتا ہوں اس دعا کو آخرت میں اپنی امت کے لیے چھپا لوں۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کن مبارک الفاظ کے ساتھ دعا مانگا کرتے تھے؟؟؟ کوئی ایک دعا لکھ دیں۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یوں دعا فرماتے "" اللھم فالق الاصباح وجاعل اللیل سکنا والشمس والقمر حسبانا اقض عنی الدین واغننی من الفقر وامتعنی بسمعی وبصری وقوتی فی سبیلک ""۔۔۔

سوال::: کیا دعا میں ""ان شئت "" کہنا چاہیے ؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی یوں دعا نہ مانگے ""اللھم اغفر لی ان شئت اللھم ارحمنی ان شئت ""((یعنی اے اللہ اگر تو چاہے تو مجھے معاف فرما))۔۔۔

سوال::: دعا میں جلدی کرنے سے کیا مراد ہے ؟؟؟

جواب::: جلدی کرنے سے مراد ہے کہ کوئی شخص یوں کہے کہ میں نے دعا کی تھی لیکن قبول نہیں کی گئی اور اس جلدی سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔۔۔

سوال::: کس وقت آسمان دنیا پہ اللہ پاک کا نزول ہوتا ہے ؟؟؟ اور وہ کیا فرماتا ہے ؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ""ہمارا رب ہر رات کے آخری تہائی حصے میں آسمانِ دنیا پہ نزول فرماتا ہے اور فرماتا ہے کوئی ہے دعا کرنے والا جس کی میں دعا قبول کروں ؟؟ کوئی ہے سوال کرنے والا جس کو میں عطا کروں کوئی ہے مغفرت طلب کرنے والا جس کی میں مغفرت کروں ""۔۔۔۔

سوال::: کس دن کی دعا سب سے افضل ہے اور دعا میں سب سے افضل قول کون سا ہے ؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ""سب سے افضل دعا عرفہ کے دن کی ہے اور دعا میں سب سے افضل قول وہ ہے جو میں نے اور مجھ سے پہلے انبیاء نے کہا،، لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ""۔۔۔۔

سوال::: کس دعا کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرآن کی طرح سکھاتے تھے ؟؟؟

جواب::: وہ دعا یہ ہے:::

اللھم انی اعوذ بک من عذاب جھنم واعوذ بک من عذاب القبر واعوذ بک من فتنۃ المسیح الدجال واعوذ بک من فتنۃ المحیا والممات۔۔۔

سوال::: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسی کون سی تین دعائیں کیں جن میں سے دو قبول ہوئیں اور ایک کو قبول نہ کیا گیا ؟؟؟

جواب:::

(1)میری امت پہ کوئی دشمن غالب نہ آجائے۔۔۔

(2)میری امت قحط سے ہلاک نہ ہو۔۔۔

(3)میری امت کے درمیان لڑائی جھگڑے نہ ہوں۔۔۔

پہلی دو دعاؤں کو قبول کرلیا گیا جبکہ تیسری دعا سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منع کردیا گیا ہے۔۔۔

سوال::: دعا کتنے حال سے خالی نہیں ہوتی؟؟؟

جواب::: دعا تین حال سے خالی نہیں ہوتے:::

(1)وہ قبول کرلی جاتی ہے۔۔۔

(2)یا وہ آخرت کے لیے رکھ لی جاتی ہے۔۔۔

(3)یا وہ گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہے۔۔۔

((العمل فی الدعاء))

سوال::: دعا میں دو انگلیوں کے ذریعے اشارہ کرنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے منع فرمادیا۔۔۔

سوال::: مرنے کے بعد کون سی چیز انسان کے درجات کی بلندی کا سبب بنتی ہے؟؟؟

جواب::: مرنے کے بعد آدمی کی اولاد کی دعا اس کے درجات میں بلندی کا سبب بنتی ہے۔۔۔

سوال::: کون سی آیت دعا کے بارے میں نازل ہوئی؟؟؟

جواب::: مندرجہ ذیل آیت دعا کے بارے میں نازل ہوئی:::

وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذَٰلِكَ سَبِيلًا(110)

ترجمہ کنز العرفان::: اور اپنی نماز میں نہ آواز زیادہ بلند کرو اور نہ اسے بالکل آہستہ کردو اور دونوں کے درمیان کا راستہ تلاش کرو۔۔۔۔

سوال::: فرض نماز میں دعا کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: امام مالک فرماتے ہیں اس میں کوئی حرج نہیں۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہدایت اور گمراہی کی طرف بلانے والے کے لیے کیا ارشاد فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""جو ہدایت کی طرف بلائے گا اس کے لیے اس کی مثل اجر ہوگا جو اس کی پیروی کرے گا اور اس میں سے کچھ کم نہیں کیا جائے گا اور جو گمراہی کی طرف بلائے گا اس کے لیے اس کی مثل گناہ ہوگا جو اس کی پیروی کرے گا اور اس گناہ میں سے کچھ کم نہیں کیا جائے گا""۔۔۔

سوال::: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کون سی دعا مانگتے تھے؟؟؟

جواب::: آپ دعا کرتے تھے""اللھم اجعلنی من آئمۃ المتقین""۔۔۔

((النہی عن الصلاۃ بعد الصبح وبعد العصر)

سوال::: کن اوقات میں نماز پڑھنے سے منع کیا گیا ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین اوقات میں نماز پڑھنے سے منع فرمایا:::

(1)جب سورج طلوع ہو۔۔۔

(2)جب سورج سر پہ آجائے۔۔۔

(3)جب سورج غروب ہونے کے قریب ہو جائے۔۔۔

کیونکہ ان اوقات میں اس کے ساتھ شیطان ہوتا ہے۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس نماز کو منافقین کی نماز قرار دیا؟؟؟

جواب::: جب کوئی شخص عصر کی نماز سورج غروب ہونے کے قریب جا کر ادا کرے اور چار ٹھونگیں لگائے اس شخص کی نماز کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منافقین کی نماز قرار دیا ہے۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کن اوقات میں نوافل پڑھنے سے منع فرمایا؟؟؟

جواب:::

(1)فجر کی نماز کے بعد سورج طلوع ہونے تک

(2)عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے تک

سوال::: ممنوع وقت میں نماز پڑھنے پہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ردعمل بیان کریں۔۔۔

جواب::: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منکدر کو عصر کے بعد نماز پڑھتے دیکھا تو انہیں مارا۔۔۔۔

((کتاب الاعتکاف))

سوال::: کیا معتکف مسجد سے نکل سکتا ہے؟؟؟

جواب::: جی ہاں قضائے حاجت کے لیے مسجد سے نکل سکتا ہے جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا فرمان ہے ""جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اعتکاف فرماتے تو اپنا سر مبارک میرے قریب کرتے جس میں میں کنگھی کر دیتی اور صرف قضائے حاجت کے لیے گھر تشریف لاتے ""۔۔۔

سوال::: اگر معتکف قضائے حاجت کے لیے مسجد سے نکلے اور اسے کوئی مریض مل جائے تو کیا وہ اس کی عیادت کر سکتا ہے؟؟؟

جواب::: جی ہاں کر سکتا ہے لیکن وہ نہ رکے بلکہ چلتے ہوئے اس کی عیادت کر لے جیسا کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کیا کرتی تھیں۔۔۔

سوال::: معتکف کب معتکف کہلائے گا؟؟؟

جواب::: معتکف تب معتکف کہلائے گا جب وہ ان چیزوں سے بچے جس سے معتکف بچتا ہے مثلا مریض کی عیادت، نماز جنازہ ادا کرنا اور بغیر حاجت گھر میں داخل ہونا وغیرہ۔۔۔

سوال::: کیا ایسی مسجد میں اعتکاف کرنا ضروری ہے جہاں جمعہ ادا ہوتا ہو؟؟؟

جواب::: جی نہیں جمعہ والی مسجد اور ایسی مسجد جس میں جمعہ نہ ہوتا ہو دونوں میں اعتکاف کرنا جائز ہے کیونکہ اللہ پاک کا فرمان ""وانتم عاکفون فی المساجد"" تمام مساجد کو عام ہے۔۔۔

البتہ معتکف کا جمعہ پڑھنے کے لیے کسی دوسری مسجد میں جانا مکروہ ہے۔۔۔۔

سوال::: معتکف رات کہاں گزارے گا؟؟؟

جواب::: معتکف مسجد میں ہی رات گزارے گا جہاں وہ اعتکاف کر رہا ہے البتہ اگر مسجد کے صحن میں خیمہ گاڑا ہے تو اس میں بھی رات گزار سکتا ہے۔۔۔

سوال::: مسجد کی چھت یا منارے پہ اعتکاف کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: مسجد کی چھت یا منارے پہ اعتکاف نہ کیا جائے۔۔۔

سوال::: اعتکاف کا وقت کب سے شروع ہوتا ہے؟؟؟

جواب::: جس رات کو معتکف اعتکاف کرنا چاہتا ہے اس رات سورج غروب ہونے سے پہلے مسجد میں آجائے۔۔۔

سوال::: کیا معتکف دنیاوی کاموں میں مشغول ہو سکتا ہے؟؟؟

جواب::: معتکف کو چاہیے کہ وہ عبادات میں مصروف رہے دنیاوی کاموں مثلاً تجارت وغیرہ میں مشغول ہونے سے بچے البتہ اپنے مال کی خرید و فروخت یا اپنے خاندان کی مصلحت کے لیے کسی کو حکم دے سکتا ہے۔۔۔

سوال::: کیا اعتکاف میں کوئی چیز شرط ہے؟؟؟

جواب::: امام مالک فرماتے ہیں اس میں کچھ شرط نہیں بلکہ نماز روزے کی طرح یہ بھی ایک عمل ہے۔۔۔

سوال::: مسلمان اعتکاف کو کس حیثیت سے جانتے ہیں؟؟؟

جواب::: مسلمان اسے سنت کی حیثیت سے جانتے ہیں۔۔۔

سوال::: جوار سے کیا مراد ہے؟؟؟

جواب::: اہل مکہ کے نزدیک جوار یہ تھا کہ وہ لوگ دن کو مسجد میں رہتے اور رات کو گھروں کو چلے جاتے،، جبکہ امام مالک فرماتے ہیں اعتکاف اور جوار ایک ہی معنی میں ہے۔۔۔

سوال::: کیا شہری یا دیہاتی کے لیے اعتکاف کے حکم میں کوئی فرق ہے؟؟؟

جواب::: جی نہیں دونوں کے لیے برابر ہے۔۔۔

((مالا یجوز الاعتکاف الابہ))

سوال::: کیا روزے کے بغیر اعتکاف ہو سکتا ہے؟؟؟

جواب::: جی نہیں بلکہ اعتکاف میں روزہ رکھنا ضروری ہے،، قرآن کریم میں اللہ پاک نے روزے کے ساتھ ہی اعتکاف کا تذکرہ کیا ہے۔۔۔۔

((خروج المعتکف الی العید))

سوال::: کیا عید کی شب اعتکاف میں شامل ہے؟؟؟

جواب::: امام مالک کے نزدیک عید کی شب اعتکاف میں شامل ہے جبکہ احناف اور شوافع کے نزدیک شامل نہیں۔۔۔

((قضاء الاعتکاف))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعتکاف والی جگہ پہ کن ازواج مطہرات کے خیموں کو ملاحظہ فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ، زینب اور حفصہ رضی اللہ عنہن کے خیموں کو ملاحظہ فرمایا۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اعتکاف کی قضاء کس مہینے میں کی؟؟؟

جواب::: شوال میں

سوال::: اگر کسی شخص نے اعتکاف کیا اور پھر بیماری یا کسی اور سبب سے اعتکاف چھوڑ کر چلا گیا تو کیا اس پہ اعتکاف کی قضاء لازم ہو گی؟؟؟

جواب::: جی ہاں،، اس پہ اعتکاف کی قضاء لازم ہو گی وہ کسی بھی مہینے میں قضاء کر سکتا ہے۔۔۔

سوال::: کیا نفلی اعتکاف کرنے والے اور واجب اعتکاف کرنے والے کے احکامات میں کوئی فرق ہے؟؟؟

جواب::: جی نہیں دونوں کے احکامات برابر ہیں۔۔۔۔

سوال::: اگر کسی عورت کو دوران اعتکاف حیض آجائے تو اس کا کیا حکم ہوگا؟؟؟

جواب::: امام مالک فرماتے ہیں اگر عورت اعتکاف کے دوران حائضہ ہو جائے تو وہ گھر لوٹ جائے اور جس گھڑی پاک ہو اسی وقت دوبارہ مسجد ((اعتکاف والی جگہ)) پہ آجائے اور جہاں سے اعتکاف چھوڑ کر گئی تھی وہیں سے شروع کرے یعنی دنوں کی گنتی وہیں سے شروع ہوگی،، اسی طرح اگر دو مہینے لگاتار روزے رکھنے ہوں اور وہ حائضہ ہو جائے تو پاک ہونے کے بعد جہاں سے روزے چھوڑے تھے وہیں سے دوبارہ شروع کرے۔۔۔۔

سوال::: معتکف کا والدین کے جنازے کے لیے مسجد سے نکلنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: نہیں جا سکتا۔۔۔

((النکاح فی الاعتکاف))

سوال::: کیا حالت اعتکاف میں نکاح کیا جا سکتا ہے؟؟؟

جواب::: حالت اعتکاف میں نکاح کرنا یا نکاح کا پیغام بھیجنا جائز ہے البتہ بیوی سے صحبت کرنا، بوس و کنار وغیرہ جائز نہیں۔۔۔۔

سوال::: معتکف اور محرم کے نکاح میں کیا فرق ہے؟؟؟

جواب::: محرم کھا پی سکتا ہے مریض کی عیادت کر سکتا ہے، جنازہ پڑھ سکتا ہے لیکن خوشبو نہیں لگا سکتا جبکہ معتکف تیل اور خوشبو لگا سکتا ہے بال کاٹ سکتا ہے لیکن جنازہ میں شرکت اور مریض کی عیادت نہیں کر سکتا۔۔۔۔

((کتاب الصید))

سوال::: پتھر کے ذریعے مرنے والے شکار کو کھانے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: ایسے جانور کو کھانا جائز نہیں چنانچہ حضرت نافع فرماتے ہیں کہ انہوں نے مقام جرف پہ پتھر کے ذریعے دو پرندوں کا شکار کیا،، ان میں سے ایک پرندہ مر گیا حضرت

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اسے پھینک دیا پھر آپ دوسرے پرندے کی طرف گئے لیکن وہ بھی ذبح کرنے سے پہلے مر گیا تو آپ نے اسے بھی پھینک دیا۔۔۔۔

سوال::: معراض کسے کہتے ہیں؟؟؟

جواب::: لکڑی کی چھڑی جس کے سرے پہ لوہا لگا ہو اسے معراض کہتے ہیں۔۔۔

سوال::: بندوق اور معراض کے ذریعے مارے ہوئے جانور کو کھانے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: قاسم بن محمد ایسے جانور کو کھانا مکروہ جانتے تھے۔۔۔

امام مالک کے نزدیک معراض کے شکار کو کھانے میں کوئی حرج نہیں ان کے نزدیک ہر اس جانور کو کھانا جائز ہے جسے آدمی اپنے ہاتھ، برچھی یا اسلحہ کے ذریعے مارے۔۔۔۔

سوال::: شکار والے آلات کے ذریعے پالتو جانور کو مارنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: مکروہ ہے۔۔۔

سوال::: کسی جانور کا شکار کیا لیکن وہ پانی میں گر کر مر گیا یا غیر تربیت یافتہ کتے کے ذریعے شکار کیا تو ایسے جانور کو کھانے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: ایسے جانور کو کھانا مکروہ ہے البتہ اگر یقین ہو کہ یہ پانی میں گر کر نہیں مرا بلکہ شکاری کے تیر سے مرنے کے بعد پانی میں گر گیا تو پھر کھانا جائز ہے۔۔۔

سوال::: اگر کوئی جانور زخم کھا کر غائب ہو جائے اور بعد میں مرا ہوا پایا جائے تو کیا اس کو کھایا جائے گا؟؟؟

جواب::: امام مالک فرماتے ہیں کہ اگر اس پہ تیر یا کتے کا نشان ہو اور اسے مرے ہوئے ایک رات نہ گزری ہو تو کھانا جائز ہے اگر ایک رات گزر چکی ہو پھر کھانا مکروہ ہے۔۔۔۔

((ما جاء فی صید المعلمات))

سوال::: تربیت یافتہ شکاری جانور اور پرندے کے کیے گئے شکار کو کھانے کا حکم بیان کریں۔۔۔

جواب::: تربیت یافتہ جانور مثلاً کتا اور تربیت یافتہ پرندے مثلاً باز، شکرے وغیرہ کو جب بسم اللہ پڑھ کر چھوڑا گیا ہو تو ان کے شکار کو کھانا جائز ہے اگرچہ وہ اس شکار کو قتل کریں نہ کریں یا اس میں سے خود بھی کچھ کھا لیں تب بھی اسے کھانا جائز ہے۔۔۔

سوال::: اگر شکار باز یا کتے کے منہ سے چھوٹ کر گر گیا اور مر گیا تو اسے کھانے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: اس کا کھانا حلال نہیں ہے اسی طرح اگر آدمی نے شکار کو کتے یا باز کے منہ میں زندہ پالیا لیکن اسے ذبح نہیں کیا یہاں تک کہ وہ شکار مر گیا تو اب بھی اسے کھانا حلال نہیں۔۔

سوال::: اگر مسلمان کسی غیر مسلم کے کتے کے ذریعے شکار کرے تو کیا اسے کھانا حلال ہوگا؟؟؟

جواب::: جی حلال ہوگا اگرچہ اسے مسلمان ذبح نہ کرے البتہ اگر غیر مسلم نے مسلمان کے کتے کے ذریعے شکار کیا تو اس کو ذبح کیے بغیر کھانا جائز نہ ہوگا۔۔۔

((ماجاء فی صید البحر))

سوال::: سمندر کے پھینکے گئے جانور کو کھانے کا حکم کیا ہے؟؟؟

جواب::: ایسے جانور کو کھانا جائز ہے کیونکہ اللہ پاک کا فرمان ہے:::

احل لکم صید البحر وطعامہ

ترجمہ::: تمہارے لیے سمندر کا شکار اور اسے کھانا حلال کر دیا گیا ہے۔۔۔

سوال::: اگر ایک مچھلی دوسری کو مار دے یا کوئی مچھلی سردی سے مر جائے تو کیا اسے کھا سکتے ہیں؟؟

جواب::: عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ایسی مچھلی کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا اسے کھانا میں کوئی حرج نہیں۔۔۔۔

سوال::: اگر مجوسی کسی مچھلی کا شکار کرے تو کیا اسے کھا سکتے ہیں؟؟؟

جواب::: جی ہاں کیونکہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""سمندر کا پانی پاک ہے اور اس کا مردار حلال ہے""۔۔۔

((تحریم اکل ذی ناب من السباع))

سوال::: نوکیلے دانت والے جانور کو کھانے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""ہر نوکیلے دانت والے درندے کو کھانا حرام ہے""۔۔۔۔۔

((مایکرہ من اکل الدواب))

سوال::: گدھا خچر اور گھوڑا کھانے کا حکم بیان کریں۔۔۔

جواب::: امام مالک فرماتے ہیں کہ ان تینوں کو نہیں کھایا جائے گا کیونکہ اللہ پاک نے ان تینوں کے بارے میں فرمایا:::

وَّالْخَیْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِیْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِیْنَةً ؕ-

ترجمہ کنزالعرفان::: اور (اس نے) گھوڑے اور خچر اور گدھے (پیدا کئے) تاکہ تم ان پر سوار ہو اور یہ تمہارے لئے زینت ہے۔۔۔۔

چوپایوں کے بارے میں اللہ پاک کا فرمان ہے:::

اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَ مِنْهَا تَاْكُلُوْنَ٘

ترجمہ کنزالعرفان::: اللہ ہے جس نے تمہارے لیے چوپائے بنائے کہ کسی پر تم سواری کرو اور کسی کا گوشت کھاؤ۔۔۔

نتیجہ یہ نکلا کہ اللہ پاک نے مذکورہ بالا تینوں جانوروں پہ سواری کرنے کا حکم دیا اور چوپایوں کے بارے میں فرمایا کہ ان پہ سواری کرو اور کھاؤ لہذا ثابت ہوا کہ ان تینوں کو نہیں کھایا جائے گا۔۔۔

سوال::: بائس، قانع اور معتر کا کیا معنی ہے؟؟؟

جواب::: بائس کا معنی ہے""فقیر""، قانع بھی فقیر کو کہتے ہیں۔۔۔

معتر کا معنی ہے""بھیک مانگنے والا""۔۔۔

((ماجاء فی جلود المیتۃ))

سوال::: مردار کی کھال سے نفع اٹھانے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: دباغت دینے کے بعد مردار کی کھال سے نفع اٹھانا جائز ہے جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا"" جب کچی کھال کی دباغت کرلی جائے تو وہ پاک ہوجاتی ہے""۔۔۔۔۔

((ماجاء فی من یضطر الی اکل المیتۃ))

سوال::: بھوک سے مجبور شخص کا مردار کھانے کے بارے میں امام مالک کیا فرماتے ہیں؟؟؟

جواب::: امام مالک ایسے شخص کے بارے میں فرماتے ہیں کہ وہ پیٹ بھر کر مردار کھالے اور زاد راہ بھی ساتھ لے لے پھر اگر اس سے بے نیاز ہوجائے ((بایں طور پر کہ اسے حلال کھانا مل جائے)) تو اس مردار کو پھینک دے۔۔۔۔

سوال::: مضطر ((یعنی بھوک سے مجبور شخص)) کے سامنے اگر مردار اور کسی کے پھل ہوں تو ان میں سے کون سی چیز کھائے؟؟؟

جواب::: ایسے شخص کے بارے میں امام مالک فرماتے ہیں کہ اگر مضطر یہ گمان کرے کہ پھل کھانے کے بعد پھلوں کا مالک مضطر کو چور سمجھ کر اس کے ہاتھ نہیں کٹوائے گا تو پھر وہ پھل کھالے مردار کو چھوڑ دے اگر اسے یہ لگتا ہو کہ مالک اس کو چور سمجھ کر ہاتھ کٹوا دے گا تو پھر وہ مردار کھالے۔۔۔

((کتاب العقیقہ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عقیقہ کے لیے کس نام کو ناپسند کیا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ""عقوق"" کو ناپسند کیا۔۔۔

سوال::: عقیقے کے بارے میں پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا"" جس کا بچہ پیدا ہو اور وہ اپنے بچے کی طرف سے قربانی کرنا پسند کرے تو کردے""۔۔۔۔

سوال::: خاتون جنت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا نے اپنے بچوں امام حسین و حسین رضی اللہ عنہما، بی بی زینب اور حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کے بالوں کے برابر کس چیز کا صدقہ دیا؟؟؟

جواب::: خاتون جنت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا نے بالوں کے برابر چاندی صدقہ فرمائی۔۔۔

((العمل فی العقیقہ))

سوال::: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنی اولاد کا عقیقہ کس طرح کرتے؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ اپنی اولاد کی طرف سے ایک بکری عقیقہ میں دیتے چاہے وہ لڑکا ہو یا لڑکی۔۔۔

سوال::: ابراہیم بن حارث تیمی رحمۃ اللہ علیہ کن الفاظ میں عقیقے کی تاکید فرماتے؟؟؟

جواب::: آپ نے فرمایا عقیقہ کرنا مستحب ہے چاہے ایک چڑیا کے ذریعے ہی کیوں نہ ہو۔۔۔

سوال::: مالکیہ کے نزدیک عقیقے کے چند احکامات بیان کریں۔۔۔

جواب::: امام مالک فرماتے ہیں ہمارے نزدیک عقیقہ مستحب ہے۔۔۔

لڑکے اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری عقیقے میں دی جائے۔۔۔

عقیقے والے جانور کی وہی شرائط ہیں جو قربانی والے کی ہیں یعنی وہ کانا، کمزور، بیمار اور ٹوٹے ہوئے سینگ والا نہ ہو۔۔۔

اس کے گوشت اور کھال کو بیچا نہ جائے،، اس کی ہڈی توڑی جائے گی بچے کو جانور کا خون نہیں لگایا جائے گا،، عقیقہ کرنے والا خود بھی کھائے گا اور دوسروں کو بھی کھلائے گا۔۔۔

((الامر بالوصیۃ))

سوال::: وصیت نہ کرنے والے کے بارے میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کسی مسلمان کو یہ حق نہیں کہ اس کے پاس ایسا معاملہ ہو جس میں وصیت کرنا ضروری ہو اور وہ دو راتیں وصیت لکھے بغیر گزار دے۔۔۔۔

سوال::: کیا وصیت کرنے والا اپنی وصیت میں تبدیلی کر سکتا ہے؟؟؟

جواب::: امام مالک فرماتے ہیں موصی ((یعنی وصیت کرنے والا)) مرنے سے پہلے اپنی وصیت میں تبدیلی کر سکتا ہے چاہے اس نے حالت صحت میں وصیت کی ہو یا بیماری کی حالت میں،، البتہ غلام کو مدبر بنانے کے بعد اس میں کوئی تبدیلی نہیں کر سکتا۔۔۔۔

((جواز وصیۃ الضعیف والصغیر والمصاب والسفیہ))

سوال::: کیا بچہ وصیت کر سکتا ہے ؟؟؟ دلیل سے ثابت کریں۔۔۔

جواب::: جی ہاں بچہ وصیت کر سکتا ہے۔۔۔

دلیل::: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے کہا گیا کہ ایک غانی لڑکا ہے جس کے وارث شام میں ہوتے ہیں یہاں اس کی صرف چچا کی بیٹی ہے تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اسے اپنے چچا کی بیٹی کے لیے وصیت کرنی چاہیے پس اس نے چچازاد بہن کے لیے ""بئر جشم"" کی وصیت کی اسے تیس ہزار دراہم میں بیچا گیا۔۔۔

سوال::: غانی لڑکے کی چچازاد بہن کون تھیں ؟؟؟

جواب::: وہ ام عمرو بنت سلیم الزرقی تھیں۔۔۔

سوال::: امام مالک ضعیف العقل شخص، مجنون اور بیوقوف کی وصیت کے بارے میں کیا فرماتے ہیں ؟؟؟

جواب::: آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر ان کو کبھی کبھی افاقہ ہو جاتا ہو اور یہ اپنی وصیت کے بارے میں جانتے ہوں کہ انہوں نے کس چیز کی وصیت کی ہے تو پھر وصیت کرنا درست ہو گا ورنہ درست نہیں ہو گا۔۔۔

((القضاء فی الوصیۃ فی الثلث لا تتعدی))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حجۃ الوداع کے سال کس صحابی کی عیادت کے لیے تشریف لائے اور وصیت کے معاملے میں انہیں کیا ارشاد فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لیے تشریف لائے اور انہیں تہائی مال میں وصیت کرنے کا حکم دیا اس سے زیادہ میں وصیت کرنے سے منع فرمایا۔۔۔

سوال::: کس صحابی کی ہجرت مکمل نہ ہوئی ؟؟؟

جواب::: حضرت سعد بن خولہ رضی اللہ عنہ

سوال::: اگر کسی شخص نے کسی دوسرے کے لیے تہائی مال کی وصیت کی اور کسی تیسرے بندے کے لیے غلام کی خدمت کی وصیت کی تھی اور یہ شرط لگائی تھی کہ جب وہ تیسرا بندہ مر جائے گا تو غلام آزاد ہو جائے گا،، اس صورت میں دوسرا شخص جس کے لیے تہائی مال کی وصیت کی تھی اسے غلام کا تہائی کیسے دیں گے ؟؟؟

جواب::: ایسی صورت میں غلام کی خدمت کی قیمت لگائی جائے گی اسے تین حصوں میں تقسیم کر کے ایک حصہ اس بندے کو دے دیا جائے گا جس کے لیے تہائی مال کی وصیت کی تھی اور بقیہ دو حصے اس شخص کے لیے ہوں گے جس کے لیے غلام کی خدمت کی وصیت کی تھی اور اس کے مرنے کے بعد غلام آزاد ہو جائے گا۔۔۔۔

سوال::: اگر موصی کئی لوگوں کے لیے اپنے مال کی وصیت کر دے اور ورثاء کہیں کہ یہ تہائی حصے سے زائد ہے تو اس صورت میں کیا حکم ہو گا؟؟؟

جواب::: اس مسئلہ میں ورثاء کے لیے دو صورتیں ہیں:::

(1) جن کے لیے وصیت کی گئی ورثاء ان کو ان کی وصیت والا مال دے دیں اور بقیہ سارا خود رکھ لیں۔۔۔۔

(2) تہائی مال ان لوگوں کو دے دیں جن کے لیے وصیت کی گئی تھی اور وہ اپنے درمیان خود ہی تقسیم کر لیں۔۔۔۔

((امر الحامل والمریض والذی یحضر القتال فی اموالھم))

سوال::: بیمار شخص کس حالت میں اپنے مال میں تہائی سے زیادہ وصیت نہیں کر سکتا؟؟؟

جواب::: جب وہ ایسی بیماری میں مبتلا ہو جس میں موت کا خوف ہو تو وہ تہائی مال سے زائد میں تصرف نہیں کر سکتا البتہ اگر ایسی بیماری ہو جس میں موت کا خوف نہ ہو تو پھر وہ اپنے مال میں جیسے چاہے تصرف کرے۔۔۔۔۔

سوال::: حاملہ عورت کتنے مال میں وصیت کر سکتی ہے؟؟؟

جواب::: حاملہ عورت کا معاملہ بھی بیمار کی طرح ہے،، حمل کے شروع میں عورت خوشی اور سرور میں ہوتی ہے تو اس وقت وہ اپنے مال میں جیسے چاہے تصرف کرے البتہ جب حمل کو چھ ماہ گزر

جائیں تو پھر تہائی سے زیادہ وصیت نہیں کر سکتی،، اسی طرح جو شخص جنگ کی صفوں میں کھڑا ہو تو وہ بھی تہائی مال سے زائد میں وصیت نہیں کر سکتا۔۔۔۔

((الوصیۃ للوارث والحیازۃ))

سوال::: وارث کے لیے وصیت کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: کوئی شخص اپنے وارث کے لیے وصیت نہیں کر سکتا کیونکہ رشتہ داروں کے لیے وصیت کا حکم دینے والی آیت ""اِنۡ تَرَكَ خَيۡرَا ۖۚ ۖ اۨلۡوَصِيَّةُ لِلۡوَالِدَيۡنِ وَالۡاَقۡرَبِيۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ ""میراث والی آیات سے منسوخ ہے،، البتہ اگر ورثاء کسی وارث کے لیے وصیت کی اجازت دے دیں تو پھر کی جا سکتی ہے اگر بعض ورثاء اجازت دیں اور بعض نہ دیں تو اجازت دینے والوں کے حق سے وصیت کرنا درست ہوگا۔۔۔۔

سوال::: کیا ورثاء مورث کو تہائی سے زائد مال میں وصیت کی اجازت دینے کے بعد رجوع کر سکتے ہیں؟؟؟

جواب::: اگر وہ شخص بیماری میں یہ اجازت مانگے اور ورثاء اجازت دے دیں تو پھر ورثاء رجوع نہیں کر سکتے اگر رجوع کرنا درست ہوتا تو پھر ہر وارث مورث کے مرنے کے بعد رجوع کر کے وصیت میں سے اپنا مال لے لیتا۔۔۔

اگر یہ اجازت صحت کی حالت میں مانگی اور ورثاء نے اجازت دے دی تب وہ اس سے رجوع کر سکتے ہیں کیونکہ حالت صحت میں آدمی کو اپنے کل مال میں اختیار ہوتا ہے وہ جیسے چاہے کرے لہذا حالت صحت میں اجازت مانگنا لغو ہے۔۔۔

سوال::: اگر مریض کو اس کے وارث میراث میں سے اپنا حصہ تحفتاً دے دیں تو کیا یہ ہبہ درست ہوگا؟؟؟

جواب::: جی ہاں،، لیکن اگر مریض اس میں تصرف کیے بغیر مر گیا تو وہ حصہ پھر وارث کو لوٹا دیا جائے گا۔۔۔۔

((ماجاء فی المؤنث من الرجال ومن احق بالولد))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ام سلمہ سے کس کے بارے میں فرمایا کہ یہ تمہارے پاس نہ آیا کرے؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مخنث کے بارے میں اپنی ازواج کو حکم دیا کہ یہ لوگ تمہارے پاس نہ آیا کریں۔۔۔۔

سوال::: طلاق کے بعد ماں باپ میں سے بچے کا زیادہ حقدار کون ہے؟؟؟

جواب::: اگر بچہ نابالغ ہو تو زیادہ حق ماں کا ہوتا ہے جیسا کہ ایک روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی ایک انصاریہ بیوی تھیں جن سے حضرت عاصم بن عمر پیدا ہوئے بعد میں حضرت عمر نے انہیں طلاق دے دی پھر ایک دن عاصم بن عمر کھیل رہے تھے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں اپنی سواری پہ بٹھایا لیکن اس بچے کی نانی نے جھگڑنا شروع کر دیا یہاں تک کہ معاملہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچا تو انہوں نے عورت کے حق میں فیصلہ دیا یعنی یہ لڑکا اس کی ماں کو دے دیا جائے۔۔۔

((العیب فی السلعۃ وضمانھا))

سوال::: اگر مبیع میں عیب نکل آیا تو اس صورت میں مشتری کے لیے کیا حکم ہوگا؟؟؟ نیز بائع پہ کس دن کی قیمت لازم کی جائے گی؟؟؟

جواب::: مشتری کو حکم دیا جائے گا کہ وہ سامان واپس کر دے اور بائع پہ اس دن کی قیمت لازم ہوگی جس دن قبضہ ہوا تھا،، جس دن مبیع واپس کی جا رہی ہے اس کی قیمت کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔۔۔

اسی طرح اگر چور کوئی چیز چراتا ہے تو جس دن چرائی اس دن کے حساب سے اس کی قیمت لگائی جائے گی اگر وہ اتنی قیمت کو پہنچ جاتی ہے جس کی وجہ سے چور کا ہاتھ کاٹا جا سکتا ہے تو کاٹ دیا جائے گا۔۔۔۔

((جامع القضاء وکراھیتہ))

سوال::: حضرت ابو الدرداء نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی طرف کیا خط لکھا اور انہوں نے کیا جواب دیا؟؟؟

جواب::: حضرت ابو الدرداء نے حضرت سلمان فارسی کو لکھا کہ ارض مقدس کی طرف لوٹ آئیں انہوں نے جواب میں لکھا زمین کسی کو مقدس نہیں بناتی بلکہ انسان کے اعمال انسان کو مقدس بناتے ہیں مجھے پتا چلا ہے کہ آپ کو طبیب ((یعنی قاضی)) بنا دیا گیا ہے اگر آپ لوگوں کو شفاء

دیتے ہیں تو اس میں آپ کا بھلا ہے اگر آپ ناواقف ہیں تو کسی کو قتل کر کے جہنم میں جانے سے بچ جائیے۔۔۔۔

سوال::: اگر کسی غلام سے آقا کی مرضی کے بغیر ایسا کام لیا گیا جس کے لیے اجارہ کیا جاتا ہے اور غلام کو کوئی چوٹ پہنچی تو اس کا ضامن کون ہوگا؟؟؟

جواب::: جس نے کام لیا وہی اس کا ضامن ہوگا اور اگر غلام صحیح سالم رہا اور آقا غلام کی مزدوری طلب کرے تو کام کروانے والے کو مزدوری دینا پڑے گی۔۔۔

سوال::: اگر کوئی غلام آدھا آزاد اور آدھا مملوک ہو تو اس کے مال پہ کس کا قبضہ مانا جائے گا؟؟؟

جواب::: اس مال پہ اسی غلام کا قبضہ مانا جائے گا البتہ غلام کوئی نئی چیز نہیں خرید سکتا اور غلام کے مرنے کے بعد وہ مال آقا کے حوالے کیا جائے گا۔۔۔

سوال::: اگر بیٹے کے پاس مال آگیا اور والد نے اس پہ کچھ خرچ کیا تو کیا والد اپنے خرچ کیے ہوئے مال کا حساب لے سکتا ہے؟؟؟

جواب::: جس دن بچہ مالدار ہو گیا تو اس کے بعد والد جتنا بھی خرچ کرے گا اس کا حساب لے سکتا ہے۔۔۔

سوال::: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے قرض لینے کے بارے میں کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا قرض لینے سے بچو اس کی ابتداء غم ہے اور انتہا لڑائی۔۔۔

((ماافسد العبید أوجرحوا))

سوال::: اگر غلام کوئی جرم کرے تو اس کا مداوا کس طرح کیا جائے؟؟؟

جواب::: غلام کا آقا اگر چاہے تو اس جنایت کی قیمت ادا کر دے اگر چاہے تو غلام ان کے حوالے کر دے جن کا غلام نے نقصان کیا ہے۔۔۔

((کتاب الجامع))

((الدعاء للمدینۃ وأھلہا))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اہل مدینہ کے لیے مکیال اور صاع کے بارے میں کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کی ""اے اللہ اہل مدینہ کے مکیال، ان کے صاع اور مد میں برکت عطا فرما""۔۔۔

سوال::: مدینہ کے لوگ پہلا پھل کس کے پاس لاتے نیز اس کا پھل کا کیا کیا جاتا؟؟؟

جواب::: اہل مدینہ پہلا پھل نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لاتے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس پھل میں برکت کے لیے دعا فرماتے اور چھوٹے بچوں کو عطا فرمادیتے۔۔۔

((ماجاء فی سکنی المدینۃ والخروج منہا))

سوال::: جو شخص مدینہ کے مصائب پہ صبر کرے گا اس کے لیے کیا فضیلت ہے؟؟؟

جواب::: ایسے شخص کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بروز قیامت شفاعت فرمائیں گے۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ کو کس چیز سے تشبیہ دی؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ شریف کو بھٹی کے ساتھ تشبیہ دی جو میل کچیل نکال دیتی ہے اور ستھری چیز کو رکھ لیتی ہے۔۔۔

سوال::: اعرابی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیعت توڑنے کا کیوں کہا؟؟؟

جواب::: کیونکہ اسے مدینہ کی آب وہوا موافق نہ آئی اور وہ بیمار ہو گیا تھا تو اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیعت توڑنے کا کہا۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کس بستی کی طرف ہجرت کرنے کا حکم دیا گیا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسی بستی کی جانب ہجرت کا حکم دیا گیا جو تمام بستیوں کو کھا جائے گی اسے لوگ یثرب کہتے ہیں۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کن کن علاقوں کی فتح کی خوشخبری دی؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یمن، شام اور عراق کی فتح کی خوشخبری سنائی۔۔۔

سوال::: عوافی سے کیا مراد ہے؟؟؟

جواب::: یہ عافیۃ کی جمع ہے اس سے مراد ہر وہ جاندار ہے جو رزق کا طالب ہو چاہے انسان ہو یا جانور۔۔۔

سوال::: حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ مدینے سے نکلتے ہوئے کیوں روئے؟؟؟

جواب::: آپ رحمۃ اللہ علیہ مدینہ سے روتے ہوئے نکلے انہیں یہ ڈر تھا کہ شاید وہ ان لوگوں میں سے نہ ہوں جنہیں مدینے نے نکال دیا،، اس ڈر کا اظہار انہوں نے اپنے غلام مزاحم سے کیا۔۔

((ماجاء فی تحریم المدینۃ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے احد کے بارے میں کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا"" احد پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں""۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس چیز کو حرم قرار دیا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ شریف کو حرم بنایا چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا"" ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم بنایا تھا جبکہ میں نے ان دونوں کناروں کے درمیان جگہ ((یعنی مدینہ)) کو حرم بنا دیا""۔۔۔۔

سوال::: حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے لڑکوں کیا کرتے دیکھا؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نے لڑکوں کو دیکھا وہ لومڑی کو ستا رہے تھے آپ نے انہیں بھگا دیا اور فرمایا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حرم میں یوں کیا جاتا ہے؟؟؟

سوال::: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے جب ایک شخص کو مدینہ میں شکار کرتے دیکھا تو کیا ردعمل فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نے شکار اس کے ہاتھوں سے پکڑ کر چھوڑ دیا۔۔۔

((ماجاء فی وباء المدینۃ))

سوال::: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت ابو بکر اور حضرت بلال رضی اللہ عنہما کی بیماری کی خبر سنائی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا دعا فرمائی؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یااللہ جس طرح ہمیں مکہ محبوب تھا مدینہ بھی اسی طرح محبوب بنادے یا اس سے بھی زیادہ بنادے،، مدینہ میں صحت وتندرستی کردے ہمیں اس کے صاع اور مد میں برکت عطا فرما اور اس کے بخار کو مقام جحفہ میں منتقل کردے۔۔۔

سوال::: مدینہ کے راستوں پہ کون کھڑے ہیں اور کیا چیز مدینہ میں داخل نہیں ہوسکتی؟؟؟

جواب::: مدینہ کے راستوں پہ فرشتے کھڑے ہیں اور طاعون اور دجال مدینہ میں داخل نہیں ہوسکتے۔۔۔۔

((ماجاء فی اجلاء المدینۃ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہودیوں کے لیے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""اللہ پاک یہودیوں کو ہلاک کرے انہوں نے اپنے انبیاء کی قبور کو مساجد بنالیا""۔۔۔۔

سوال::: کس جگہ دو دین جمع نہیں ہوسکتے؟؟؟

جواب::: جزیرہ عرب میں دو دین جمع نہیں ہوسکتے۔۔۔

سوال::: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کن یہودیوں کو جلاوطن کیا نیز خیبر کے یہودی کیوں نکل گئے؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نے نجران اور فدک کے یہودیوں کو جلاوطن کیا،، خیبر کے یہودی اس لیے نکل گئے کیونکہ ان کے لیے پھلوں میں سے کوئی حصہ مقرر نہیں تھا۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فدک کے یہودیوں سے کتنی مقدار پہ صلح کی تھی؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نصف زمین اور پھلوں کی نصف مقدار پہ فدک کے یہودیوں کے ساتھ مصالحت فرمائی تھی۔۔۔

((جامع ماجاء فی امر المدینۃ))

سوال::: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کون سا شربت پسند فرماتے تھے؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نبیذ پسند فرماتے تھے۔۔۔

سوال::: حضرت عبداللہ بن عیاش مکہ کو افضل سمجھتے تھے یا مدینہ کو؟؟؟

جواب::: حضرت عبداللہ بن عیاش مکہ کی افضلیت کے قائل تھے۔۔۔

((ماجاء فی الطاعون))

سوال::: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو شام جاتے ہوئے کیا خبر ملی اور آپ نے اس کے مطابق کیا عمل فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ کو سرغ کے مقام پہ شام میں وباء کی خبر ملی تو آپ نے مہاجرین وانصار سے شام جانے یا نہ جانے کے لیے مشورہ کیا کچھ نے جانے کا مشورہ دیا جبکہ کچھ نے لوٹ جانے کا مشورہ دیا چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے مدینہ شریف لوٹ جانے کو اختیار فرمایا۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طاعون کے بارے کیا ارشاد فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""طاعون ایک عذاب ہے جسے بنی اسرائیل یا تم سے پہلے لوگوں پہ بھیجا گیا تھا،، پس جب تم کسی زمین میں طاعون کے بارے میں سنو تو اس میں نہ جاؤ اور جب ایسی زمین میں طاعون آجائے جہاں تم موجود ہو تو وہاں سے نہ نکلو""۔۔۔۔

سوال::: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ بات کیوں ارشاد فرمائی""رکبہ نامی مقام پہ ایک گھر میرے نزدیک شام میں دس گھر ہونے سے بہتر ہیں""؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نے یہ بات اس لیے ارشاد فرمائی کیونکہ شام میں وباء کی شدت ہوتی تھی۔۔۔

((النھی عن القول فی القدر))

سوال::: حضرت آدم اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے درمیان ہونے والا مناظرہ تحریر فرمائیں۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""حضرت آدم اور موسی علیہما السلام کی بحث ہوئی جس میں حضرت آدم علیہ السلام غالب آ گئے،، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا::: آپ وہی آدم ہیں جنہوں نے لوگوں کو گمراہ کیا اور جنت سے نکال دیا تو حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا::: آپ وہی موسیٰ ہیں جسے اللہ نے ہر چیز کا علم دیا اور اپنی رسالت کے لیے چن لیا???انہوں نے کہا جی ہاں،، تو حضرت آدم نے کہا کیا تم مجھے ایسے کام پہ ملامت کرتے ہو جو میری پیدائش سے پہلے لکھا جا چکا تھا???""----

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آیت ""واذ اخذ ربک من بنی آدم"" کی کیا تفسیر فرمائی???

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""اللہ پاک نے حضرت آدم علیہ کو پیدا کر کے اپنا دایاں ہاتھ ان کی پیٹھ پہ پھیرا اور اولاد نکالی،، پس فرمایا میں نے ان کو جنت کے لیے پیدا کیا اور یہ لوگ جنتیوں والے اعمال کریں گے پھر پیٹھ پہ ہاتھ پھیر کر اولاد نکالی اور فرمایا میں نے ان کو جہنم کے لیے پیدا کیا اور یہ لوگ جہنمیوں والے عمل کریں گے""،، ایک شخص نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پھر عمل کرنے کا کیا فائدہ???تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""جب اللہ کسی بندے کو جنت کے لیے پیدا کرتا ہے تو اس سے جنتیوں والے کام کرواتا ہے اور وہ جنتیوں والا عمل کرتے ہوئے مرتا ہے پس اللہ پاک اسے جنت میں داخل کر دیتا ہے،، جب کسی کو جہنم کے لیے پیدا فرماتا ہے تو اس سے جہنمیوں والے اعمال کرواتا ہے یہاں تک کہ وہ انہی اعمال پہ مرتا ہے پس اللہ پاک اسے جہنم میں داخل کر دیتا ہے""----

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گمراہی سے بچنے کے لیے کن دو چیزوں کو پکڑنے کا حکم دیا???

جواب:::

(1) کتاب اللہ

(2) سنت نبی

سوال::: حضرت ابو سہیل بن مالک نے حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کو قدریہ کے بارے میں کیا رائے دی???

جواب::: آپ نے فرمایا اگر وہ توبہ کر لیں تو بہتر ہے ورنہ ان کو قتل کر دیا جائے۔۔۔۔

((جامع ماجاء فی اھل القدر))

سوال::: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کون سے کلمات سنے اور انہیں منبر پہ بیان فرمایا؟؟؟

جواب:::

وہ کلمات یہ ہیں::: اللہ پاک جو چیز دینے کا ارادہ کرے اسے کوئی نہیں روک سکتا اور جو نہ دینا چاہے اسے کوئی نہیں دے سکتا،، اس کے مقابلے میں کسی کی طاقت نہیں چل سکتی،، جس کے ساتھ اللہ پاک بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اسے دین کی سمجھ عطا فرما دیتا ہے۔۔۔

سوال::: اگلے لوگ طلبِ معاش میں کمی کرنے کا کیوں کہتے تھے؟؟؟

جواب::: وہ کہتے تھے کہ جب تک کسی کا رزق ختم نہیں ہوگا وہ نہیں مرے گا لہٰذا طلب معاش میں کمی کرو۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو آخری کون سی وصیت فرمائی تھی؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا"""اے معاذ بن جبل،، لوگوں کے ساتھ اپنا اخلاق اچھا کرنا"""۔۔۔

سوال::: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی ذات کے لیے بدلہ لیا کرتے تھے؟؟؟

جواب::: جی نہیں بلکہ جب اللہ پاک کی حرمت میں خلل واقع ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کا بدلہ لیتے۔۔۔

سوال::: بندے کے اسلام کا حسن کس چیز میں ہے؟؟؟

جواب::: بندے کے اسلام کا حسن اس چیز میں ہے کہ وہ فضول کام چھوڑ دے۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے برا آدمی کسے قرار دیا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سب سے برا آدمی وہ ہے جس کے شر سے لوگ ڈریں۔۔۔۔

سوال::: اللہ کے ہاں کسی کا مقام کیسے معلوم کیا جا سکتا ہے؟؟؟

جواب::: اگر اللہ کے ہاں کسی کا مقام جاننا ہو تو یہ دیکھا جائے لوگ پیٹھ پیچھے اس کی کیا تعریف کرتے ہیں۔۔۔۔

سوال::: آدمی کس عمل کی وجہ سے رات بھر قیام کرنے اور دن بھر روزہ رکھنے کا اجر حاصل کر لیتا ہے؟؟؟

جواب::: اچھے اخلاق کی وجہ سے

سوال::: کون سے دو کام نماز اور روزے سے بہتر ہیں؟؟؟

جواب:::

(1)دو لوگوں میں صلح کروانا

(2)بغض سے بچنا

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس لیے مبعوث فرمائے گئے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس لیے مبعوث کیا گیا تاکہ اچھے اخلاق کی تکمیل فرما دیں۔۔۔۔

((ماجاء فی الحیاء))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس چیز کو اسلام کا خلق فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""ہر دین کا ایک خلق ہے اور اسلام کا خلق حیاء ہے""۔۔۔۔

((ماجاء فی الغضب))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو ایسی کون سی مختصر نصیحت فرمائی جسے وہ بھول نہ جائے؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""غصہ نہ کیا کرو""۔۔۔

سوال::: حدیث میں پہلوان کسے کہا گیا ہے؟؟؟

جواب::: پہلوان وہ نہیں جو لوگوں کو پچھاڑ دے بلکہ پہلوان تو وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے نفس پہ قابو رکھے۔۔۔

((ماجاء فی المهاجرة))

سوال::: ایک مسلمان کے لیے دوسرے مسلمان سے کتنے دن سے زائد ناراض رہنا حلال نہیں؟؟؟

جواب::: تین دن سے زائد ناراض رہنا حلال نہیں اور ان میں سے بہتر وہ ہوگا جو سلام میں پہل کرے گا۔۔۔۔

سوال::: حدیث میں""تدابر""سے کیا مراد ہے؟؟؟

جواب::: تدابر کا مطلب ہے اپنے مسلمان بھائی سے اعراض کرنا۔۔۔

سوال::: سب سے بڑی جھوٹی بات کون سی ہے؟؟؟

جواب::: بدگمانی سب سے بڑی جھوٹی بات ہے۔۔۔

سوال::: کون سا عمل کینے کو ختم کر دیتا ہے نیز کون سا عمل محبت میں زیادتی کا سبب بنتا ہے؟؟؟

جواب::: آپس میں مصافحہ کرنا کینہ ختم کر دیتا ہے اور ایک دوسرے کو تحفہ دینا محبت بڑھاتا ہے۔۔۔

سوال::: کس دن جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں؟؟؟نیز کس شخص کی بخشش نہیں ہوتی؟؟؟

جواب::: سوموار اور جمعرات کو جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اس دن ہر مسلمان کی بخشش کر دی جاتی ہے سوائے اس شخص کے جو اپنے بھائی سے عداوت رکھتا ہے۔۔۔

سوال::: ہفتے کے کن ایام میں بندے کا اعمال نامہ پیش کیا جاتا ہے؟؟؟

جواب::: سوموار اور جمعرات کو

((ماجاء فی لبس الثیاب للجمال بہا))

سوال::: حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کھانے کے لیے کیا چیز پیش کی؟؟؟

جواب::: ککڑی

سوال::: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ عالم دین کو کس رنگ کے لباس میں دیکھنا پسند فرماتے؟؟؟

جواب::: سفید لباس میں

((ماجاء فی لبس الثیاب المصبغۃ والذھب))

سوال::: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کس طرح کے کپڑے پہنتے تھے؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ سرخ دھاری دار اور زعفران سے رنگے ہوئے کپڑے پہنتے تھے۔۔۔

سوال::: مرد کے لیے سونا پہننا اور کسم سے رنگی ہوئی چادر کا گھر میں استعمال کرنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: سونا پہننے سے منع کیا گیا ہے۔۔۔
کسم سے رنگی ہوئی چادر گھر میں پہن سکتا ہے لیکن نہ پہننا زیادہ بہتر ہے۔۔۔۔

((ما یکرہ للنساء لبسہ من الثیاب))

سوال::: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت حفصہ بنت عبد الرحمن کے سر پہ باریک دوپٹہ دیکھ کر کیا رد عمل فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہا نے اس دوپٹے کو پھاڑ دیا اور موٹا دوپٹہ سر پہ اوڑھ دیا۔۔۔۔

سوال::: جنت کی خوشبو کتنی مسافت سے سونگھی جا سکتی ہے اور وہ کون لوگ ہوں گے جو اس خوشبو کو نہیں پا سکیں گے؟؟؟

جواب::: جنت کی خوشبو پانچ سو سال کی مسافت سے سونگھی جا سکتی ہے اور وہ عورتیں جو کپڑے پہننے کے باوجود ننگی لگتی ہیں دوسروں کی طرف مائل ہوتی ہیں اور دوسروں کو اپنی طرف مائل کرتی ہیں اس خوشبو کو نہیں سونگھ سکیں گی۔۔۔

سوال::: مومن کی ازار کہاں تک ہوتی ہے؟؟؟ نیز جو اپنی شلوار کو تکبر کرتے ہوئے لٹکائے گا اس کے لیے حدیث میں کیا وعید آئی ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""مومن کی ازار نصف پنڈلی تک ہوتی ہے،، ٹخنے تک کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں البتہ جو اس سے نیچے ہے وہ آگ میں ہے،، اللہ پاک بروز قیامت اس شخص کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا جو تکبر کی وجہ سے اپنا کپڑا لٹکائے""۔۔۔۔

((ماجاء فی اسبال المرآۃ ثوبھا))

سوال::: عورت اپنی ازار کہاں تک رکھے؟؟؟

جواب::: حضرت ام سلمہ فرماتی ہیں جب ازار لٹکانے کا ذکر ہوا تو میں نے عرض کی یا رسول اللہ عورت اپنی ازار کہاں تک رکھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""ایک بالشت نیچے تک"""میں نے عرض کی اس سے ستر کھلا رہ جائے گا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""ایک ہاتھ نیچے رکھے اور اس پہ زیادتی نہ کرے""۔۔۔۔

((ماجاء فی الانتعال))

سوال::: ایک جوتے میں چلنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""تم میں سے کوئی ایک جوتے میں نہ چلے یا تو دونوں جوتے پہن لو یا دونوں کو اتار دو""۔۔۔۔

سوال:: جوتے اتارنے اور پہننے کا سنت طریقہ بیان کریں۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""جب تم میں سے کوئی ایک جوتا پہنے تو اپنے دائیں طرف سے ابتداء کرے اور جب جوتا اتارے تو اپنے بائیں جانب سے شروع کرے""۔۔۔

سوال::: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے جوتے کس چیز سے بنے ہوئے تھے؟؟؟

جواب::: آپ علیہ السلام کے جوتے مردار گدھے کی کھال سے بنے ہوئے تھے۔۔۔

((ماجاء فی لبس الثیاب))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کون سے دو لباسوں اور دو بیوع سے منع فرمایا؟؟؟

جواب::: دو لباس:::

(1) آدمی ایک کپڑا اوڑھ کر اختباء کرے اور اس کی شرمگاہ پہ کوئی کپڑا نہ ہو۔۔۔

(2) آدمی ایک ہی کپڑا سارے بدن پہ لپیٹ لے۔۔۔۔

ان دونوں ملبوسات سے منع فرمایا۔۔۔

دو بیوع:::

(1) بیع ملامسہ

(2) بیع منابذہ

سوال::: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ کپڑا جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیا تھا انہوں نے وہ کسے دیا؟؟؟

جواب::: انہوں نے وہ کپڑا اپنے ایک مشرک بھائی کو دے دیا۔۔۔

سوال::: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مونڈھوں کے بیچ کرتے میں کتنے پیوند لگے ہوئے تھے؟؟؟

جواب::: تین پیوند

((صفۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حلیہ مبارک بیان کریں۔۔۔

جواب::: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہ زیادہ لمبے قد کے تھے اور نہ چھوٹے قد کے،، آپ نہ چونے کی طرح سفید تھے اور نہ بہت زیادہ گندمی

رنگ کے تھے،، آپ کے بال نہ بہت گھونگھریالے تھے اور نہ ہی بلکل سیدھے تھے،، چالیس سال کی عمر میں اللہ پاک نے آپ کو نبوت عطا فرمائی دس سال مکہ میں رہے اور دس سال مدینہ میں رہے،، ساٹھ سال کی عمر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا اس وقت آپ کے سر مبارک اور داڑھی مبارک میں بیس سے زائد سفید بال نہیں تھے۔۔۔۔

((صفۃ عیسی ابن مریم والدجال))

سوال::: حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور دجال کا حلیہ بیان کریں۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب مبارک میں حضرت عیسی علیہ السلام کو گندمی رنگ کی شکل میں دیکھا آپ کے بال کندھے مبارک تک تھے سر میں کنگھی کی ہوئی تھی اور بالوں سے پانی ٹپک رہا تھا۔۔۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دجال کو دیکھا جس کے بال بہت زیادہ گھونگھریالے تھے وہ ایک آنکھ سے کانا تھا اس کی آنکھ پھولے ہوئے انگور جیسی تھی۔۔۔

((ماجاء فی الفطرۃ))

سوال::: کتنی اور کون سی چیزیں فطرت میں سے ہیں؟؟؟

جواب:: پانچ چیزیں فطرت میں سے ہیں:::

(1)ناخن کاٹنا

(2)مونچھیں کترنا

(3)بغل کے بال اکھیڑنا

(4)زیر ناف بال مونڈنا

(5)ختنہ کرنا

سوال::: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولیات تحریر فرمائیں۔۔۔

جواب::: سب سے پہلے مہمان نوازی آپ نے کی،،سب سے پہلے آپ علیہ السلام کا ختنہ کیا گیا،، سب سے پہلے آپ نے مونچھیں کتروائیں،،سب سے پہلے آپ کے بال سفید ہوئے تو رب سے پوچھا یہ کیا ہے؟؟؟ اللہ پاک نے فرمایا اے ابراہیم یہ وقار ہے،، تو آپ علیہ السلام نے عرض کی یا اللہ میرے وقار میں اضافہ فرما۔۔۔۔

سوال::: امام مالک رحمہ اللہ کتنی مونچھیں کترنے کا حکم دیتے ہیں؟؟؟

جواب::: امام مالک فرماتے ہیں کہ مونچھوں کو اتنا کترنا چاہیے کہ ہونٹوں کے دونوں کنارے کھل جائیں یہ نہیں کہ بلکل کتر ڈالے۔۔۔

((النہی عن الاکل بالشمال))

سوال::: بائیں ہاتھ سے کھانے پینے سے کیوں منع کیا گیا ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""جب تم میں سے کوئی شخص کھائے تو دائیں ہاتھ سے کھائے اور دائیں ہاتھ سے پیے بے شک شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا پیتا ہے""۔۔۔

((ماجاء فی المساکین))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسکین کی کیا تعریف فرمائی؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""مسکین وہ نہیں جو لوگوں سے مانگتا پھرے کہیں سے ایک لقمہ ملے اور کہیں سے دو لقمے کہیں سے ایک کھجور ملے اور کہیں سے دو کھجوریں،، بلکہ مسکین وہ ہے جس کے پاس اتنا مال نہ ہو کہ وہ اپنی حاجت پوری کر سکے اور لوگوں کو اس کا حال معلوم نہ ہو تا کہ اس پہ صدقہ کریں اور وہ لوگوں سے سوال نہ کرے۔۔۔۔

((ماجاء فی معی الکافر))

سوال::: مسلمان اور کافر کتنی آنتوں میں کھاتے ہیں؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""مسلمان ایک آنت میں کھاتا ہے جبکہ کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے""۔۔۔

((النہی عن الشراب فی آنیۃ الفضۃ والنفخ فی الشراب))

سوال::: چاندی کے برتن میں پینے والے کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""جو چاندی کے برتن میں پیتا ہے وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ بھرتا ہے""۔۔۔

سوال:::پانی میں پھونک مارنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: اس سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا۔۔۔

((ماجاء فی شرب الرجل وھو قائم))

سوال::: کھڑے ہو کر پانی پینے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: کھڑے ہو کر پانی پینا جائز ہے کئی صحابہ کرام مثلا مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ وغیرہ سے ثابت ہے۔۔۔

((السنۃ فی الشراب وتناولہ عن الیمین))

سوال::: کھانا یا پانی دینے میں کس طرف سے ابتداء کرنی چاہیے؟؟؟

جواب::: دائیں جانب سے شروع کرنا چاہیے چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس دودھ لایا گیا جس میں سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیا پھر اپنے دائیں جانب بیٹھے ہوئے اعرابی کو دیا۔۔۔

((جامع ماجاء فی الطعام والشراب))

سوال::: حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کے گھر تھوڑی سی روٹیاں کتنے لوگوں کو کفایت کر گئیں؟؟؟

جواب::: ستر یا80افراد کو

اور یہ ہمارے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک معجزہ ہے۔۔۔

سوال::: دو اور تین آدمیوں کا کھانا کتنے لوگوں کو کافی ہوتا ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""دو آدمیوں کا کھانا تین کے لیے کافی ہے اور تین آدمیوں کا کھانا چار کے لیے کافی ہے""۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دروازے بند کرنے، مشک اور برتن ڈھانپنے اور چراغ بجھانے کا حکم کیوں دیا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا"" دروازے بند کر دو مشک کا منہ باندھ دیا کرو برتن ڈھانپ دیا کرو اور چراغ کو بجھا دیا کرو بے شک شیطان بند دروازے اور ڈھانپے ہوئے مشک اور برتن کو نہیں کھولتا اور چھوٹا فاسق یعنی چوہا گھروں کو جلا دیتا ہے""۔۔۔۔

سوال::: جو اللہ اور آخرت کے دن پہ ایمان رکھتا ہو اسے کون سے کام کرنے چاہیے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""جو اللہ اور آخرت کے دن پہ ایمان رکھتا ہو اسے چاہیے کہ اچھی بات کہے یا خاموش رہے، اپنے پڑوسی اور مہمان کا اکرام کرے۔۔۔

سوال::: مہمان نوازی کتنے دن تک ہوتی ہے؟؟؟

جواب::: تین دن تک

سوال::: جس شخص نے کتے کو پانی پلایا اللہ پاک نے اس کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟؟؟

جواب::: اللہ پاک نے اس کی بخشش فرما دی۔۔۔

سوال::: حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ والے لشکر کا قصہ مختصر الفاظ میں بیان کریں۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین سو آدمیوں کے لشکر کو ساحل کی جانب بھیجا اور اس کے اوپر حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا،، ان کے پاس زاد راہ ختم ہو گیا یہاں تک کھجوروں کو چوسنے کی نوبت آئی پھر اللہ پاک نے ان کے لیے مچھلی ساحل پہ پھینک دی جو اتنی بڑی تھی کہ صحابہ کرام اسے 18 دن تک کھاتے رہے،، اس کی پسلیوں کو زمین میں گاڑا گیا تو درمیان سے اونٹ پہ بیٹھا ایک شخص گزر گیا۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مومن عورتوں کو پڑوسیوں کے بارے میں کیا نصیحت فرمائی؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا"" اے مومن عورتو!!! تم میں سے کوئی اپنے پڑوسیوں کو ذلیل نہ کرے اگرچہ ((ان کے گھر)) بکری کا جلا ہوا کھر بھیجے۔۔۔

سوال::: جب یہودیوں پہ چربی حرام کی گئی تو انہوں نے کیا حیلہ اختیار کیا؟؟؟

جواب::: جب ان پہ چربی حرام ہوئی تو انہوں نے اسے بیچ کر اس کا ثمن کھانا شروع کر دیا۔۔۔۔

سوال::: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو گندم کی روٹی کھانے سے منع کیوں فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ علیہ السلام نے اس لیے منع فرمایا کیونکہ وہ اللہ کا شکر ادا نہیں کر سکیں گے۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابو الہیثم کو کون سی بکری ذبح کرنے سے منع فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دودھ والی بکری ذبح کرنے سے منع فرمایا۔۔۔

سوال::: ٹڈی کھانے کا حکم بیان کریں۔۔۔

جواب::: ٹڈی کھانا حلال ہے۔۔۔

سوال::: کون سا جانور بہشت کے جانوروں میں سے ہے؟؟؟

جواب::: بکری

سوال::: قیامت کے قریب لوگ کس چیز کو مروان کے گھر سے محبوب سمجھیں گے؟؟؟

جواب::: بکریوں کے چھوٹے سے گلے کو۔۔۔

سوال::: کھانا کس طرف سے کھانا چاہیے؟؟؟

جواب::: کھانا اپنے سامنے سے کھانا چاہیے۔۔۔

سوال::: عورت کا غیر محرم مرد یا اپنے کسی غلام کے ساتھ کھانا کھانے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: اگر یہ چیز عرف میں عورت کے لیے رائج ہو تو ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ بعض اوقات عورت اپنے شوہر کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھا رہی ہوتی ہے جہاں اور لوگ بھی ہوتے ہیں۔۔۔

البتہ تنہائی میں غیر محرم کے ساتھ کھانا کھانا جائز نہیں۔۔۔

((ماجاء فی اکل اللحم))

سوال::: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے گوشت کھانے سے کیوں منع فرمایا؟؟؟

جواب::: کیونکہ پھر شراب کی طرح گوشت کھانے کا بھی نشہ چڑھ جاتا ہے جو چھوٹتا نہیں۔۔۔

((ماجاء فی لبس الخاتم))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سونا حرام ہونے سے پہلے کون سی انگوٹھی استعمال فرماتے تھے؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سونے کی انگوٹھی استعمال فرماتے تھے پھر حرام ہونے پہ اسے پھینک دیا۔۔۔

((ماجاء فی نزع المعالیق والجرس من العین))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو اونٹوں کی گردن سے کیا اتارنے کا حکم دیا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نظر کے گنڈے اتارنے کا حکم دیا۔۔۔

((الوضوء من العین))

سوال::: جب حضرت عامر بن ربیعہ سے حضرت سہل کو نظر لگی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نظر اتارنے کے لیے کون سا طریقہ استعمال فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ربیعہ بن عامر کو وضو کرنے کا حکم دیا اور اس وضو والے پانی کو حضرت سہل پہ انڈیل دیا۔۔۔۔

((الرقیۃ من العین))

سوال::: کیا نظر بد کا دم کیا جا سکتا ہے؟؟؟

جواب::: جی ہاں،، چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی زوجہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں داخل ہوئے وہاں ایک بچہ رو رہا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""تم اسے نظر کا دم کیوں نہیں کرتے؟؟؟""۔۔۔

((ماجاء فی اجر المریض))

سوال::: اگر کسی شخص کو مصیبت پہنچے تو اسے کیا صلہ ملتا ہے؟؟؟

جواب::: اللہ پاک اس کے گناہ بخش دیتا ہے۔۔۔

سوال::: جب اللہ کسی کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اس کے ساتھ کیا معاملہ فرماتا ہے؟؟؟

جواب::: اللہ پاک ایسے بندے کو مصیبت میں مبتلا کر دیتا ہے۔۔۔

((التعوذ والرقیۃ فی المرض))

سوال::: درد کے لیے حدیث مبارکہ میں کون سا وظیفہ بیان کیا گیا ہے؟؟؟

جواب::: اعوذ بعزۃ اللہ وقدرتہ من شر ما اجد

سوال::: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں بیماری حاضری دیتی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کون سی سورتیں پڑھ کر دم فرماتے؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معوذتین پڑھ کر دم فرماتے۔۔۔

سوال::: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہودیہ کو کہاں سے دم کرنے کا حکم دیا؟؟؟

جواب::: کتاب اللہ سے ((تورات یا قرآن))

((تعالج المریض))

سوال::: حضرت سعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ کی وفات کیسے ہوئی؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ کو گلے کی بیماری تھی جس کی وجہ سے گلے کو داغا گیا اور آپ رضی اللہ عنہ کا وصال ہو گیا۔۔۔

((الغسل بالماء من الحمی))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بخار کو کس چیز سے ٹھنڈا کرنے کا حکم دیا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا""بخار جہنم کے جوش میں سے ہے اسے پانی کے ساتھ ٹھنڈا کرو""۔۔۔

((عیادۃ المریض والطیرۃ))

سوال::: کسی بیمار کی عیادت کرنے کی فضیلت سپرد قلم کریں۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا"" جب کوئی شخص مریض کی عیادت کرتا ہے تو وہ اللہ کی رحمت میں ڈوبا ہوتا ہے،، جب وہ بیمار کے پاس بیٹھ جاتا ہے تو رحمت اس کے اندر داخل ہوجاتی ہے۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خارشی اونٹ کو تندرست اونٹوں کے پاس لے جانے سے منع کیوں فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا کیونکہ بیمار کی وجہ سے تندرست کو تکلیف ہوتی ہے۔۔۔۔

## ((السنۃ فی الشعر))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے داڑھی اور مونچھوں کے حوالے سے کیا حکم ارشاد فرمایا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مونچھیں گھٹانے اور داڑھی بڑھانے کا حکم دیتے تھے۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے بال مبارک کس طرح سنوارتے تھے؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہلے پہل بالوں کو پیشانی کی طرف لٹکاتے تھے پھر ان میں مانگ نکالنا شروع کر دی۔۔۔

سوال::: ساس اور بہو کے بال دیکھنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: کوئی حرج نہیں

سوال::: جانور کو خصی کرنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اسے مکروہ جانتے تھے۔۔۔

سوال::: یتیم کی کفالت کرنے کی کیا فضیلت ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو انگلیوں کو جوڑ کر فرمایا"" میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں ایسے ہوں گے""۔۔۔

## ((اصلاح الشعر))

سوال::: حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ ایک دن میں دو مرتبہ بالوں کو تیل کیوں لگاتے تھے؟؟؟

جواب::: کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں فرمایا تھا""اپنے بالوں کا اکرام کرو""۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بکھرے ہوئے بالوں والے شخص کے ساتھ کیا سلوک کیا ؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے مسجد سے نکل کر اپنے بال سنوارنے کا کہا اور فرمایا"" کیا یہ اس سے بہتر نہیں کہ تم میں سے کوئی شیطان کی طرح بکھرے ہوئے بالوں کے ساتھ آئے۔۔۔۔

((ماجاء فی صبغ الشعر))

سوال::: بالوں میں کون سے رنگ کا خضاب لگانا چاہیے؟؟؟

جواب:::سیاہ رنگ کے علاوہ کسی بھی رنگ کا خضاب لگایا جا سکتا ہے اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سرخ رنگ کا خضاب استعمال فرماتے تھے۔۔۔۔

سوال::: کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خضاب کا استعمال فرماتے تھے؟؟؟

جواب::: جی نہیں،،کیونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے خضاب لگانے پہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا عمل بطور دلیل پیش کیا،،اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خضاب استعمال فرماتے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا انہی کا فعل بطور دلیل پیش کرتیں۔۔۔

((مایؤمر بہ من التعوذ عند النوم وغیرہ))

سوال::: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کس چیز کی شکایت کی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں کون سے کلمات سکھائے؟؟؟

جواب::: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے شکایت کی کہ میں سوتے ہوئے ڈر جاتا ہوں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہیں مندرجہ ذیل کلمات سکھائے::::

اعوذ باللہ وبکلمات اللہ التامۃ من غضبہ وعقابہ وشر عبادہ ومن ھمزات الشیاطین وأن یحضرون۔۔۔

سوال::: تکلیف دینے والے جانوروں سے بچنے کے لیے حدیث میں کون سا وظیفہ پڑھنے کا کہا گیا ہے؟؟؟

جواب::: اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق

((ماجاء فی المتحابین فی اللہ))

سوال::: اللہ کی خاطر دوستی کرنے والوں کو قیامت کے دن کیا انعام ملے گا؟؟؟

جواب::: انہیں عرش کے سائے کے نیچے جگہ دی جائے گی۔۔۔

سوال::: قیامت کے دن کون سے سات لوگ اللہ پاک کے عرش کے سائے تلے جمع ہوں گے؟؟؟

جواب:::

(1)عادل حکمران

(2)اپنی جوانی کو عبادت میں گزارنے والا جوان

(3)وہ شخص جس کا دل مسجد سے لگا رہتا ہو۔۔۔

(4)وہ دو مرد جو اللہ کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کریں اور اسی کی خاطر جدا ہوں۔۔۔

(5)وہ شخص جس نے تنہائی میں خدا کو یاد کیا اور اس کی آنکھوں سے آنسو نکل آئے۔۔۔

(6)وہ مرد جسے حسب ونسب والی عورت اپنی طرف متوجہ کرے تو وہ کہے میں اللہ سے ڈرتا ہوں۔۔۔

(7)پوشیدہ طور پر صدقہ کرنے والا

سوال::: کن لوگوں پہ اللہ پاک کی محبت واجب ہو جاتی ہے.؟؟؟

جواب::: وہ جو اللہ کی خاطر محبت کریں اسی کی خاطر ملاقات کریں اکٹھے بیٹھیں اس کے لیے اپنا جان و مال لگا دیں۔۔۔

سوال::: کون سی چیز نبوت کے پچیس اجزاء میں سے ایک جز ہے؟؟؟

جواب::: نرمی، میانہ روی اور اچھا حلیہ

((ماجاء فی الرؤیا))

سوال::: نیک شخص کا اچھا خواب نبوت کے اجزاء میں سے کون سا جزء ہے؟؟؟

جواب::: اچھا خواب نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے۔۔۔

سوال::: مبشرات سے کیا مراد ہے؟؟؟

جواب::: حدیث میں نیک آدمی کے اچھے خواب کو مبشرات کہا گیا ہے۔۔۔

سوال::: اچھا اور برا خواب کس کی جانب سے ہوتا ہے؟؟؟

جواب::: اچھا خواب اللہ پاک کی جانب سے جبکہ برا خواب شیطان کی جانب سے ہوتا ہے۔۔۔۔

سوال::: آیت ""لھم البشری فی الحیاۃ الدنیا وفی الآخرۃ"" سے کیا مراد ہے؟؟؟

جواب::: اس سے مراد اچھے خواب ہیں۔۔۔

((ماجاء فی النرد))

سوال::: شطرنج کھیلنے کا کیا حکم ہے؟؟؟ نیز اس کی کیا وعید آئی ہے؟؟؟

جواب::: شطرنج کھیلنا جائز نہیں،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا"" جس نے شطرنج کھیلا اس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی""۔۔۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب کسی کو شطرنج کھیلتے دیکھتے تو اسے مارتے اور شطرنج کو توڑ دیتے۔۔۔

((العمل فی السلام))

سوال::: پیدل اور سوار میں سے کسے سلام میں پہل کرنے کا حکم ہے؟؟؟

جواب::: سوار کے لیے حکم ہے کہ وہ پیدل کو سلام کرے۔۔۔۔

سوال::: سلام کے الفاظ لکھیں۔۔۔

جواب::: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس سے زائد نہیں کرنا چاہیے۔۔۔۔۔

سوال::: عورت کو سلام کرنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: بوڑھی عورت کو سلام کرنے میں کوئی قباحت نہیں جبکہ جوان عورت کو نہیں کرنا چاہیے۔۔۔

((ماجاء السلام علی الیہودی والنصرانی))

سوال::: یہودی مسلمانوں کو کیسے سلام کرتے تھے اور مسلمانوں کو کس طرح جواب دینے کا حکم دیا گیا؟؟؟

جواب::: یہودی مسلمانوں کو ""السلام علیکم ""((یعنی تم مر جاؤ کہتے تھے)) کہتے تو مسلمانوں کو ان کے جواب میں ""علیکم ""((یعنی تم مر جاؤ)) کہنے کا حکم دیا گیا۔۔۔۔

سوال::: اگر کوئی مسلمان غلطی سے کسی یہودی کو سلام کر دے تو کیا اپنے الفاظ واپس لے لے؟؟؟

جواب::: جی نہیں۔۔۔۔